★★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 2 جمادی الثانی 1446ھ 05 دسمبر 2024ء 19 مگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 50

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

اصل سیاستدان وہی جو نئی نسل پر سرمایہ کاری کرے

وزیر اعلیٰ پنجاب

طلبہ کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان محنتی بچوں کو گارڈ آف آنر ملنا چاہیے، سکالرشپس دینے پر خوشی ہے، میں ہونہار طلبہ کو اپنا سلام پیش کرتی ہوں

آپ کے مستقبل کے لیے دن رات سوچتی ہوں، آج میں ایک سیاسی رہنما نہیں، بلکہ ایک ماں کے طور پر خطاب کر رہی ہوں

طلبہ یونیورسٹیز میں اچھے لگتے ہیں، ڈی چوک پر نہیں اس لیے طلبہ کے ہاتھ پتھر یا ڈنڈے نہیں دیکھنا چاہتی، ہونہار طلبہ وطالبات کی تعلیم میری ذمہ داری ہے

60 فیصد سکالرشپس طالبات کو مل رہے ہیں، 30 ہزار سکالرشپس میں سے 18 ہزار لڑکیوں اور 12 ہزار لڑکوں کو مل رہے ہیں، ہونہار سکالرز شپ سکیم کی تقریب سے خطاب



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہیلتھ سسٹم میں بنیادی اصلاحات کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) نائب صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ اصل سیاستدان وہی ہوتا ہے جو نئی نسل پر سرمایہ کاری کرے۔ ہونہار سکالرز شپ سکیم کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز کا کہنا تھا کہ طلبہ کی محنت کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان محنتی بچوں کو گارڈ آف آنر ملنا چاہیے، سکالرشپس دینے پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

لیفٹیننٹ جنرل (ر) عامر دوبارہ قطر میں سفیر نامزد

ریٹائرڈ جنرل کو ابتدائی طور پر اگست میں متحدہ عرب امارات میں سفیر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) سابق کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد عامر کو دوبارہ قطر میں پاکستان کا سفیر نامزد کر دیا گیا ہے۔ ریٹائرڈ جنرل کو ابتدائی طور پر اگست میں متحدہ عرب امارات میں سفیر کے طور پر تعینات کیا گیا تھا۔ انہیں امب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پاکستان مس انفارمیشن اور گمراہ کن بیانیے سے متاثر ہونے والے ممالک میں شامل

جھوٹی معلومات کا یہ خطرہ ملک کو درپیش مجموعی چیلنجز میں چوتھے سے چھٹے نمبر پر ہے، رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) مس انفارمیشن اور گمراہ کن بیانیے سے متاثر ہونے والے ممالک کی فہرست میں پاکستان بھی شامل ہوگیا، جھوٹی معلومات دنیا کو درپیش سب سے بڑے خطرات میں سے ایک بن چکی ہے۔ عالمی اقتصادی فورم کی 2024 کی گلوبل رسک رپورٹ کے مطابق دنیا بھر کے ماہرین نے جھوٹی معلومات اور غلط بیانیے کو آئندہ دو سالوں میں کئی ممالک کے لیے ایک سنگین چیلنج قرار دیا ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف معاشرتی بلکہ اقتصادی، سیاسی اور ماحولیاتی شعبوں پر بھی گہرے اثرات ڈال رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے

وفاقی وزیر خزانہ!

معیشت ترقی کی راہ پر گامزن، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لیکر جانا ہے، کرنٹ اکاوٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح 78 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے، سینیٹر اورنگزیب

آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد کیلئے پرعزم، شعبہ تعمیرات کا معیشت میں نمایاں کردار، پچھلے 12 سے 14 ماہ میں ہم نے مثبت اور قابل ذکر کارکردگی دکھائی جس سے ملکی آمدنی میں ہر ماہ اضافہ ہو رہا ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت ترقی کی راہ پر گامزن ہے، کرنٹ اکاوٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک میں مہنگائی کی شرح 78 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی، اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے جانا ہے۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پچھلے 12 سے 14 ماہ میں ہم نے مثبت اور قابل ذکر کارکردگی دکھائی ہے، مالی اور کرنٹ اکاونٹ کی سطح پر ہم مثبت سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملکی آمدنی میں ہر ماہ اضافہ ہو رہا ہے اور ہم اس پائیدار نکتے پر پہنچے والے ہیں جہاں ہم یہ بات کر سکیں گے کہ آگے بڑھنے کے لیے ہمیں اس بنیاد کو کس طرح استعمال کرنا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کرنسی کی بات کی جائے تو ایک موقع پر زرمبادلہ کے ذخائر صرف 2 ہفتے کی درآمدی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل تھے جو اب ڈھائی ماہ کی درآمدی ضروریات کو پورا کر سکتے ہیں۔ سینیٹر اورنگزیب نے کہا کہ اگر ہم اسی سمت آگے بڑھتے رہے تو زرمبادلہ کے ذخائر 3 ماہ کی درآمدی ضروریات کو پورا کرنے کے قابل ہو جائیں گے جسے عالمی معیار کے حوالے سے بہتر تصور کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نومبر میں مہنگائی بڑھنے کی شرح پچھلے 78 ماہ کی کم ترین سطح 9.4 فیصد پر آگئی ہے جبکہ شرح سود 13 فیصد سے نیچے آگئی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ معیشت میں نجی شعبے کا کردار اہم ہے، حکومت نجی شعبے میں کم سے کم مداخلت کرے گی اور صرف پالیسی گائیڈ لائنز اور سبسڈیز دے گی کیونکہ اب نجی شعبے نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عملدرآمد کے لیے پرعزم ہیں، معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، ہم نے معاشی استحکام کی بنیادوں کو مضبوط کرنا ہے۔ سینیٹر اورنگزیب نے بڑھتی آبادی اور موسمیاتی تبدیلی کو دو بنیادی مسائل قرار دیتے ہوئے کہا کہ ملک میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

پی ٹی آئی کی تاریخ ہے ان کا کوئی احتجاج یا ریلی پرامن نہیں رہی، اسحٰق ڈار

قانون کے مطابق ریڈ زون میں کوئی احتجاج نہیں کیا جاسکتا، نائب وزیر اعظم کی غیر ملکی سفراء کو بریفنگ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی تاریخ ہے ان کا کوئی احتجاج یا ریلی پرامن نہیں رہی، قانون کے مطابق ریڈ زون میں کوئی احتجاج نہیں کیا جاسکتا۔ ملکی سفراء سے گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا کہ 24 نومبر کو غیر ملکی وفد پاکستان کے دورے پر تھا اور ایسے موقع پر ایک جماعت نے حیران کن طور پر احتجاج کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد کیلئے پُرعزم ہیں، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد کے لیے پُرعزم ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مہنگائی کی شرح 70 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی ہے، اب ہم نے معاشی استحکام کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

پاکستان اسٹاک ایکسچینج: انڈیکس 1 لاکھ 5 ہزار عبور کر گیا

بازارِ حصص کا 100 انڈیکس 502 پوائنٹس کے اضافے سے 1 لاکھ 5 ہزار 61 پر آگیا

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں بدھ کو کاروبار کا مثبت آغاز ہوا ہے، جہاں 100 انڈیکس 1 لاکھ 5 ہزار کی حد عبور کر گیا۔ بازارِ حصص

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

وفاقی وزیر خزانہ!

مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام ویژن ہے

نواز مریم

مالیاتی تنظیموں، ماہرین اور معاشی ترقی کے ہر سٹیک ہولڈر کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، صوبے کی ترقی کے لئے پنجاب بینک کے کردار کو سراہتے ہیں

بینک مالیاتی استحکام، تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں، مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام پنجاب حکومت کا وژن ہے

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ مضبوط، شفاف اور منصفانہ مالیاتی نظام کا قیام ویژن ہے۔ انہوں نے بینکوں کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا کہ مالیاتی تنظیموں، ماہرین اور معاشی ترقی کے ہر سٹیک ہولڈر کو خراج تحسین پیش کرتی ہوں، صوبے کی ترقی کے لئے پنجاب بینک کے کردار کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکن بزنس کونسل کا وفد ملاقات کر رہا ہے



ریاض، وزیر اعظم شہباز شریف سعودی عرب کا دورہ مکمل کر کے واپسی پر طیارے میں سوار ہو رہے ہیں

اسد قیصر، شہریار آفریدی و دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی ضمانت منظور

پشاور ہائی کورٹ نے وفاقی اداروں سے مقدمات کی تفصیلات بھی طلب کر لیں

پشاور (این این آئی) پشاور ہائیکورٹ نے اسد قیصر، شہریار آفریدی سمیت دیگر پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی ضمانت منظور کر لی۔ پشاور ہائیکورٹ کے چیف جسٹس اشتیاق ابراہیم اور جسٹس وقار نے پی ٹی آئی رہنماؤں کی حفاظتی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

منظور وسان کی بانی پی ٹی آئی کی رہائی سے متعلق پیشگوئی

جیل سے باہر نکلتے نہیں دیکھ رہا، منظور وسان کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نیا سال بھی جیل میں رہیں گے

کراچی (این این آئی) پیپلز پارٹی کے رہنما منظور وسان نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی سے متعلق پیش گوئی کر دی۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کو جیل سے باہر نکلتے نہیں دیکھ رہا۔ منظور وسان کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی نیا سال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

ہمیں احتجاج سے روکنے کا کسی کو حق نہیں ہے، اسد قیصر

عدالت نے حفاظتی ضمانت دے دی ہے، آئین ہمیں احتجاج کا حق دیتا ہے، پشاور میں گفتگو

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ ہمیں احتجاج سے روکنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عدالت نے حفاظتی ضمانت دے دی ہے، آئین ہمیں احتجاج کا حق دیتا ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

عمر ایوب کے بعد شبلی فراز بھی جوڈیشل کمیشن سے مستعفی

شبلی فراز کی جگہ سینیٹر علی ظفر جوڈیشل کمیشن میں نمائندگی کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کے بعد سینیٹ میں قائد حزب اختلاف شبلی فراز بھی جوڈیشل کمیشن سے مستعفی ہو گئے۔ شبلی فراز کی جگہ سینیٹر علی ظفر جوڈیشل کمیشن میں نمائندگی کریں گے۔ بانی تحریک انصاف نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

لوگوں کو اب احساس ہو رہا ہے ہتک عزت کا قانون صحیح ہے، عظمیٰ بخاری

پاکستان میں ڈیپ فیک ویڈیوز سے متعلق آگہی کم ہے۔ ڈیپ فیک ویڈیوز کا استعمال خواتین کو بدنام کرنے کے لیے کیا جاتا ہے

ایسے کیسز میں عدالتی نظام اور تفتیش کے طریقہ کار کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔ سائبر کرائم یونٹ کی صلاحیت میں اضافہ بھی اثر حاضر کی اشد ضرورت ہے

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ ڈیپ فیک ویڈیوز خواتین کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13



لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری سے صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی پروگرام پر عملدرآمد کیلئے پُرعزم ہیں، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب

معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف پروگرام پر عمل درآمد کے لیے پُرعزم ہیں۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاشی اصلاحات کا عمل جاری رکھیں گے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں کمی آئی ہے، ملک کی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مہنگائی کی شرح 70 ماہ کی کم ترین سطح پر آگئی ہے، اب ہم نے معاشی استحکام کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

قاسم سوری جیسے لوگ ٹوئٹس کرنے سے پہلے لیگل ٹیم سے بات کیا کریں: وکیل عمران خان

اسلام آباد میں ہلاکتوں سے متعلق بیرسٹر گوہر نے ان لوگوں کی بات کی جن کے کوائف موجود ہیں، انٹرویو

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کے وکیل فیصل چوہدری نے کہا ہے کہ قاسم سوری جیسے لوگ ٹوئٹس کرنے سے پہلے علیمہ بی بی یا لیگل ٹیم سے بات کر لیا کریں۔ ایک نجی ٹی وی پروگرام میں بات کرتے ہوئے فیصل چوہدری نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

جسٹس طارق محمود جہانگیری کو الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کی سربراہی سے ہٹا دیا گیا

الیکشن کمیشن نے جسٹس ریٹائرڈ عبدالشکور پراچہ کو الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کا سربراہ مقرر کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری کو ہٹا کر جسٹس ریٹائرڈ عبدالشکور پراچہ کو الیکشن ٹریبونل اسلام آباد کا سربراہ مقرر کر دیا۔ الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ اسلام آباد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

وزیر اعظم محمد شہباز شریف 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

ریاض / اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اپنا 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران ریاض میں منعقدہ ون وائز سربراہی اجلاس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

بغض عمران میں جعلی حکومت نفرتوں کو فروغ دے رہی ہے، بیرسٹر سیف

غریب پشتونوں کو پی ٹی آئی کارکن ظاہر کر کے ظلم ڈھائے جا رہے ہیں، مشیر اطلاعات کا بیان جاری

پشاور: (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف کا کہنا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بغض میں جعلی حکومت نفرتوں کو فروغ دے رہی ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا ہے کہ جعلی حکومت بانی پی ٹی آئی کے بغض میں نسلی تعصب کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15



اسلام آباد، چیئرمین علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین سے ملاقات کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب لائیو سٹاک کارڈ کی فراہمی کا (آج) سے آغاز

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف لائیو سٹاک کارڈ کی فراہمی کا آج (جمعرات) سے آغاز ہوگا۔ کارڈ کے ذریعے چار ماہ کے لئے بلاسود قرضہ جات کی سہولت میسر ہوگی۔ فی جانور ستائیس ہزار روپے قرض کی فراہمی ہوگی جبکہ مجموعی طور پر ایک لاکھ پینتیس ہزار سے دو لاکھ ستر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

پاکستان اور چین کے درمیان 1.918 بلین یوآن مالیت کے 9 معاہدوں پر دستخط

کمنگ (این این آئی) چینی اور پاکستانی کاروباری اداروں کے درمیان تعاون کے نو معاہدوں پر دستخط کیے گئے، ان کی کل مالیت 1.918 بلین یوآن (تقریباً 263.8 ملین ڈالر) ہے۔ ان معاہدوں پر دستخط کمنگ کے چیئنگ گونگ میں منعقدہ ای کامرس پر ایک اسٹریٹجک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

جی ایچ کیو حملہ کیس، عمران خان کی دہشتگردی دفعات خارج کرنیکی درخواست پر سماعت

عمران خان نے دہشت گردی دفعات 7 اے ٹی اے ختم کرنے کی درخواستیں دائر کی تھیں

اسلام آباد (این این آئی) جی ایچ کیو حملہ کیس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان کی دہشت گردی دفعات خارج کرنے کی درخواست سماعت جاری ہے۔ سابق وزیر اعظم عمران خان نے دو دسمبر کو جی ایچ کیو حملہ کیس میں بری کرنے اور سانحہ 9 مئی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

الیکشن کمیشن کا اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد نہ ہونے پر مایوسی کا اظہار

جب بھی انتخابات کے انعقاد کیلئے تیاری مکمل کرتا ہے تو قوانین میں ترامیم کر دی جاتی ہیں، ترجمان الیکشن کمیشن

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وفاقی دارالخلافہ اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد نہ ہونے پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق بدھ کو الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

معاشی استحکام کے بعد جامع و پائیدار نمو کی طرف سفر کا آغاز کر دیا گیا ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

جی شعبہ کو کاروبار اور سرمایہ کاری کے حوالہ سے قیادت کرنا ہوگی، وزیر خزانہ و محصولات کا کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام کے بعد اب جامع و پائیدار نمو کی طرف سفر کا آغاز کیا گیا ہے، کاروبار اور سرمایہ کاری کے حوالہ سے نجی شعبہ کو ملک کی قیادت کرنی ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

مدارس بل پر دستخط کیلئے مولانا فضل الرحمان کی حکومت کو ڈیڈ لائن

حکومت پارلیمنٹ سے منظور کردہ ہمارے بل پر دستخط نہیں کر رہی، حکومت نے اپنی مرضی کی قانون سازی کر لی

7 دسمبر تک مدارس بل پر دستخط نہ کیے تو 8 دسمبر کو پشاور ریلی میں اہم اعلان کروں گا، بلال درانی سے گفتگو

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کہا ہے کہ حکومت نے مدارس بل پر دستخط نہ کئے تو اسلام آباد کا رخ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21



اسلام آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پی ٹی آئی کی سیاست نے ہمیشہ پاکستان کو نقصان پہنچایا، احسن اقبال

پی ٹی آئی جدید اسلحہ کے ساتھ اسلام آباد پر قبضہ کرنا چاہتی تھی، پی ٹی آئی نے ملکی حالات خراب کرنے کی کوشش کی

وفاق نے سائٹ کراچی کے لیے 5 ارب کے منصوبے کی منظوری دی ہے، سائٹ کراچی کے دورے پر گفتگو



کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی سیاست نے ہمیشہ پاکستان کو نقصان پہنچایا۔ ایک بیان میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

پٹرولیم مصنوعات قیمتوں میں اضافہ چیلنج، وزارت پٹرولیم اور اوگرا سے جواب طلب

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی کا نیا طوفان آئے گا، کالعدم قرار دینے کی استدعا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے خلاف درخواست پر وزارت پٹرولیم اور اوگرا سے جواب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

خیبر پختونخوا میں گھروں کی تعمیر کیلئے 15 لاکھ روپے تک بلاسود قرضہ ملے گا

احساس اپنا گھر اسکیم کے تحت محکمہ ہاؤسنگ اور بینک آف خیبر کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہو گئے

پشاور (این این آئی) پشاور، کم آمدن والے افراد کو معیاری رہائش کی فراہمی کے لیے خیبر پختونخوا حکومت کا شاندار منصوبہ، احساس اپنا گھر اسکیم کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

لاہور پھر آلودہ ترین شہروں میں سرفہرست، ایئر کوالٹی انڈیکس 1137 ریکارڈ

آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران موسم خشک رہے گا جبکہ بارش کے امکانات نہیں، محکمہ موسمیات

لاہور (این این آئی) لاہور پاکستان کے آلودہ ترین شہروں میں پھر پہلے نمبر پر آگیا جہاں ایئر کوالٹی انڈیکس 620 سے لے کر 1137 تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

پاک سعودیہ تجارتی معاہدے حقیقت کا روپ دھار رہے ہیں

وفاقی وزیر اطلاعات

سرمایہ کاری کا فروغ اور معاشی تعاون میں اضافہ حکومت کی ترجیح ہے، وزیر اعظم کی قیادت میں فارن پالیسی کامیابی سے آگے بڑھ رہی ہے

وزیر اعظم شہباز شریف اور شہزادہ محمد بن سلمان کی ملاقات بہت اہم رہی ہے، وزیر اعظم کا دورہ سعودی عرب سنگ میل ثابت ہوگا



اسلام آباد، وفاقی سیکرٹری وزارت نیشنل فوڈ سیکورٹی اینڈ ریسرچ علی طاہر الٹی کی سفیر مارلینا ارملین کو گلدستہ پیش کر رہے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ پاک سعودیہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

عدالتی احکامات کے باوجود عارف علوی کا کلینک ڈی سیل نہیں کیا گیا

عارف علوی کی اہلیہ نے ڈی جی ایس بی سی اے اور دیگر کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دائر کر دی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ کے احکامات کے باوجود ایس بی سی اے کی جانب سے سابق صدر عارف علوی کا ڈینٹل کلینک ڈی سیل نہیں کیا گیا۔ ڈاکٹر عارف علوی کی اہلیہ نے ڈی جی ایس بی سی اے اور دیگر کے خلاف توہین عدالت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

افغان طالبان کے ظہرانے سے واپسی پر ٹی ٹی پی کا اہم کمانڈر حملے میں ہلاک

رحیم اللہ عرف شاہد عمر کے سر کی قیمت ایک کروڑ روپے مقرر تھی، صوبے کنڑ کے علاقے شرنگل میں ہلاک ہوا

شرنگل (این این آئی) کالعدم تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) کا اہم کمانڈر رحیم اللہ عرف شاہد عمر افغانستان کے صوبے کنڑ کے علاقے شرنگل میں نامعلوم مسلح افراد کے حملے میں ہلاک ہوگیا۔ کالعدم ٹی ٹی پی رہنما کی ہلاکت کے حوالے سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

انسداد دہشتگردی عدالت نے صحافی سمیع ابراہیم کی ضمانت خارج کر دی

سماعت میں ملزم سمیع ابراہیم اور وکیل پیش نہیں ہوئے، عدم پیروی پر عدالت نے فیصلہ سنا دیا

راولپنڈی (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے صحافی سمیع ابراہیم کی عبوری ضمانت خارج کر دی۔ لیاقت باغ 28 ستمبر اور 4 اکتوبر ہنگامہ آرائی کیس میں عدالت نے عدم پیروی کی بنیاد پر صحافی سمیع ابراہیم کی عبوری ضمانت خارج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

وزیر اعظم محمد شہباز شریف 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے

ریاض / اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف اپنا 2 روزہ دورہ سعودی عرب مکمل کر کے وطن واپس پہنچ گئے۔ بدھ کو پی ایم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے اپنے دورہ سعودی عرب کے دوران ریاض میں منعقدہ ون وائز سربراہی اجلاس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

یونیسکو مانیٹرنگ مشن کا لاہور قلعہ ،شالیمار باغ کا دورہ

اورچ ڈائن منصوبے کے اثرات پر تبادلہ خیال، ہوائی جہاز کے شور کی وجہ سے ہونے والی آلودگی کا جائزہ لیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے پانچ روزہ دورے پر آئے یونیسکو کے مانیٹرنگ مشن نے لاہور کے دو اہم مقامی تاریخی مقامات لاہور قلعہ اور شالیمار باغ کا دورہ کیا،یہ دورہ مقامی ورثہ کی حفاظت کے لیے کی جانے والی کوششوں کو پرکھنے اور مستقبل کی منصوبہ بندی کے لیے کیا گیا۔مشن کی قیادت میں کوہ سے کیان یون، ورلڈ ہیریٹج سینٹر سے جاپانی ماہر اور یونیسکو پاکستان کے ہیڈ آف آپریشنز شامل تھے۔مشن نے دوسرے دن لاہور قلعہ کا معائنہ کیا۔ٹیم نے لاہور قلعہ کے مختلف حصوں کا تفصیلی جائزہ لیا جن میں کھوکھر حویلی، اکبری دروازہ، شیش محل، زنانہ مسجد، گورداوارہ، پائین باغ، دیوان خاص، اور اکبری محل شامل ہیں۔ان منصوبوں کا



ڈائریکٹر سول سروسز اکیڈمی والٹن ڈاکٹر فیصل ظہور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کو اعزازی شیلڈ پیش کر رہے ہیں



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور دیگر سینئر افسران سول سروسز اکیڈمی والٹن میں زیر تربیت افسران کو بریفنگ دے رہے

شہریوں کیلئے پولیسنگ سروسز کے معیار کو مزید بہتر بنا رہے ہیں، ڈاکٹر عثمان انور

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا سول سروسز اکیڈمی والٹن کیمپس کا دورہ، زیر تربیت افسران کو لیکچر دیا

ڈائریکٹر سی ٹی پی سول سروسز اکیڈمی ڈاکٹر فیصل ظہور، ایڈیشنل ڈائریکٹر پروگرام ونگ شبیر اکبر زیدی نے آئی جی پنجاب دیگر افسران کو خوش آمدید کہا



آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سب انسپکٹر ریک پر پروموٹ ہونے والے افسران کو سنٹرل پولیس آفس میں منعقدہ تقریب میں ریک لگا رہے ہیں

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سب انسپکٹر عہدے پر پروموٹ ہونے والے 56 افسران کو نئے عہدے کے ریک لگا دیئے

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سب انسپکٹر ریک پر ترقی پانے والے 56 افسران کو نئے عہدے کے ریک لگائے۔ سنٹرل پولیس آفس میں ترقی پانے والوں افسران کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں پروموٹ ہونے والے سب انسپکٹرز کے والدین، بچوں اور اہلخانہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے سب انسپکٹر ریک پر پروموٹ ہونے والے افسران کو نئے عہدے پر ترقی دینے جا رہے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا اسی سال سب انسپکٹرز سے انسپکٹرز اور ڈی ایس پی کے عہدے پر ترقی دی جارہی ہے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ترقی پانے والے سب انسپکٹرز نے محنت کی ہے ہم آپ کو مبارکباد دیتے ہیں۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ہم آپ سے توقع کرتے ہیں کہ آپ اپنے فرائض کو احسن طریقے سے سرانجام دیں گے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ ہم آپ کو پروموشن کے ساتھ ساتھ ذمہ داریاں بھی دے رہ

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 5 دسمبر 2024ء

ڈسکہ شہباز شریف پارک عدم توجہی کا شکار وزیراعلیٰ نوٹس لیں، اہلیان ڈسکہ

2018 کے عام انتخابات سے قبل نہر بی آر بی کنارے تعمیر ہونے والا شہباز شریف پارک قلیل عرصہ میں ہی بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگا ہے جب یہ پارک تعمیر ہوا اس وقت میاں شہباز شریف پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب کے انتخابی حلقہ میں قائم شہباز شریف پارک عدم توجہی کے باعث زبوں حالی کا شکار ہے پارک میں آنے والے بچے تفریح کی بجائے خوفزدہ ہوکر واپس چلے جاتے ہیں 2018 کے عام انتخابات سے قبل نہر بی آر بی کنارے تعمیر ہونے والا شہباز شریف پارک قلیل عرصہ میں ہی بھوت بنگلہ کا منظر پیش کرنے لگا ہے جب یہ پارک تعمیر ہوا اس وقت میاں شہباز شریف پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے جو اس وقت وزیر اعظم پاکستان ہیں اور 2018ء میں میاں ذیشان رفیق اسی شہری حلقہ سے رکن صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے تھے جو اس وقت صوبائی وزیر بلدیات پنجاب ہیں جبکہ سیدہ نوشین افتخار رکن قومی اسمبلی ہیں مگر ن لیگی اراکین اسمبلی نے اس اکلوتے پارک کی طرف توجہ دینے کی بجائے اسے بے یارومددگار چھوڑ دیا ہے اور اس وقت اس کی حالت زار یہ ہے کہ یہاں پر کئی فٹ لمبی گھاس اگی ہوئی ہے پودے سوکھ چکے ہیں پودوں کو پانی دینے کیلئے لگائی گئی موٹر کوئی اتار کرلے گیا ہے روشنی کیلئے لگائی گئی لائٹیں تو موجود ہیں مگر ان کو بجلی کی سپلائی دینے والا ٹرانسفارمر بھی کوئی اتار کے لے گیا ہے ٹوائلٹ ناکارہ اور گندگی کی آماجگاہ بنے ہوئے ہیں اس صورتحال میں یہاں پر تفریح کیلئے آنے والے شہری اور خصوصاً بچے خوفزدہ ہوکر واپس چلے جاتے ہیں شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے اور مطالبہ کیا ہے



ڈسکہ: عدم توجہی کے باعث نہر بی آر بی کنارے شہباز شریف پارک کی خستہ حالی کے مناظر

دوسالہ بچہ پینتیس فٹ گہرے کنواں میں گر گیا، بچے کو ریسکیو ٹیموں نے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا، حالت تشویشناک

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دوسالہ بچہ پینتیس فٹ گہرے کنواں میں گر گیا تفصیلات کے مطابق نوشہرہ روڈ گھر کے قریب کھیلتے ہوئے اچانک دوسالہ عمیر پینتیس فٹ گہرے کنواں میں جا گرا تو قوعہ کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچ گئی ریسکیو ٹیموں نے بچے کو گہرے کنواں سے نکال کر تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا جہاں پر اس کی حالت تشویشناک بتائی جاتے ہے

چکوال: شہداء پارک میں بک فیئر کا تیسرا اور آخری دن آج ہوگا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر قراۃالعین ملک کی خصوصی کاوشوں کی وجہ سے ضلعی انتظامیہ چکوال کے زیر اہتمام شہداء پارک چکوال میں جاری کتاب میلہ علم و ادب کے شائقین کے لیے ایک شاندار موقع فراہم کر رہا تھا۔ یہ میلہ مختلف موضوعات پر مبنی کتب کی وسیع اقسام پیش کر رہا تھا جن میں مذہبی کتابیں، تاریخ، ادب، شاعری، سائنس، بچوں کی کہانیاں، اور تعلیمی مواد شامل ہیں۔ اس میلہ کا مقصد کتاب بینی کے شوق کو فروغ دینا اور نوجوان نسل میں علم وتحقیق کی جستجو پیدا کرنا ہے ہر عمر کے افراد کے لیے کچھ نہ کچھ موجود ہے خواہ وہ طلبہ ہوں، اساتذہ یا عام شہری۔ شرکاء اپنی پسندیدہ کتابیں خریدنے کے ساتھ ساتھ مختلف موضوعات پر معلومات بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ کتابیں نہ صرف علم میں اضافہ کرتی ہیں بلکہ معاشرتی، اخلاقی، اور ذہنی تربیت میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ لہٰذا آئیں اور اس کتاب میلہ کو کامیاب بنائیں۔

بجلی بند رہے گی،

(سیالکوٹ) گیپکو ایس ایس او انچارج کینٹ گریڈ اسٹیشن کی پریس ریلیز کے مطابق 5 دسمبر کو سالانہ مرمت کے لیے صبح 9 بجے سے دن 1 بجے تک مندرجہ ذیل فیڈرز بند رہیں گے، 1 شادی وال 2، کورٹ روڈ 3، پیرس روڈ 4، گل بہار، 5 نند پور 6، ایم ای ایس 7، برینڈ ویلج 8، عسکری کالونی اور دوسرے مرحلہ میں دوپہر 2 1 بجے سے شام 4 بجے تک مندرجہ ذیل فیڈر بند رہیں گے، 1 غازی پور، 2 کلمہ چوک 3، کمانوالہ 4 ریلوے روڈ 5، کرسچین ٹاؤن 6 اٹھڑتھ، 7 گیریژن 8، جناح روڈ کی بجلی بند رہے گی۔

ہسپتال میں مریضوں کو بہترین طبی سہولیات فراہمی کے حوالے سے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف حاضری کو ہر صورت یقینی بنائیں، ڈپٹی کمشنر

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ڈپٹی کمشنر قراۃالعین ملک نے پیر کی رات کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز (ڈی ایچ کیو) ہسپتال کا اچانک معائنہ کر کے ہیلتھ کیئر سسٹم کی کارکردگی اور دیگر انتظامی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہسپتال میں ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، ایمرجنسی اور مختلف شعبوں، وارڈز اور میڈیکل سٹور کو چیک کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال شیخ رفتار حسین کو ڈیوٹی سے غیر حاضر ہونے والے سٹاف کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کرنیاور ہسپتال میں علاج کے لیے آئے مریضوں کو مفت ادویات نہ ملنے کا نوٹس لیا اور سخت ہدایات جاری کیں کہ لوگوں کو بہترین سہولیات اور مفت ادویات کی فراہمی یقینی بناء جائے۔

گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج ساہیوال کی ٹیم رنز اپ سیمی فائنل میں پنجاب کالج اوکاڑہ کو شکست دیدی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کے زیر اہتمام انٹر کالجز کبڈی ٹورنامنٹ، گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج ساہیوال کی ٹیم رنز اپ، سیمی فائنل میں پنجاب کالج اوکاڑہ کو شکست دی۔ تفصیلات کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال کے زیر اہتمام انٹر کالجز کبڈی ٹورنامنٹ میں گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج ساہیوال کی ٹیم رنز اپ رہی۔ سیمی فائنل میں گورنمنٹ امامیہ ایسوسی ایٹ کالج ساہیوال کی ٹیم نے پنجاب کالج اوکاڑہ کو 18—34 سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی اور فائنل بھی میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ پرنسپل پروفیسر رفیق شہزاد نے کبڈی ٹیم کے کھلاڑیوں کو مبارک باد دی۔

بدنام زمانہ منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروشوں سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے ان کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ حویلی لکھا کے ایس ایچ او محمد اشرف نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش عمر سے 2 کلو 200 گرام چرس اور رمضان سے 1 کلو 380 گرام چرس برآمد۔

ڈپٹی کمشنر کا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال (ٹی ایچ کیو) شکر گڑھ کا اچانک دورہ

مریضوں کی دوائیوں اور دیگر طبی ضروریات میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل قبول ہے، سید حسن رضا

شکر گڑھ (عمران عارف سے) ڈپٹی کمشنر نارووال سید حسن رضا نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال (ٹی ایچ کیو) شکر گڑھ کا اچانک دورہ کرتے ہوئے ہسپتال کے مختلف شعبوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ مریضوں کی دوائیوں اور دیگر طبی ضروریات میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے ایک ہفتے کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے کہا کہ مقررہ وقت میں صفائی ستھرائی کے انتظامات میں واضح بہتری نظر آنی چاہیے۔ ڈپٹی کمشنر نے گائنی وارڈ کے عملے کو خدمات کے معیار میں مزید بہتری لانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کی دیکھ بھال میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مریضوں کی بروقت تشخیص اور علاج کو یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی ملاقات کی اور مسائل سن کر فوری حل کی یقین دہانی کرائی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے قبل ازیں گورنمنٹ گرلز ہائی سکول، گورنمنٹ بوائز ہائی سکول اور شکر گڑھ پبلک سکول کا تفصیلی وزٹ کیا اس دوران ڈپٹی کمشنر نارووال نے طلباء طالبات سے ان کی تدریسی معاملات کے بارے پوچھ گچھ کی۔ ڈپٹی کمشنر نارووال نے سکول میں پودے بھی لگائے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر نارووال نے اسسٹنٹ کمشنر آفس، تحصیل آفس، ٹفل براںچ، ڈومیسائل براںچ اور ریسٹ ہاوس کا بھی وزٹ کیا، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نارووال نے صفائی ستھرائی کے حوالے سے مناسب ہدایات جاری کیں۔

معذوروں کے عالمی دن پر بنیاد فاؤنڈیشن حافظ آباد کے زیر اہتمام تقریب

معذور افراد کی صلاحیتوں پر اعتماد کیا جائے اور بہتر مواقع فراہم کئے جائیں



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) معذور افراد کے عالمی دن کے موقع پر بنیاد فاؤنڈیشن حافظ آباد نے آواز II پروگرام کے پلیٹ فارم سے مقامی ہوٹل میں تقریب منعقد کی، جس میں معذور افراد بالخصوص خواتین، سماجی کارکنان، سول سوسائٹی کے افراد، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اور محکمہ کے دیگر افسران نے شرکت کی۔ اس پروگرام کا مقصد ضلع حافظ آباد میں معذور خواتین کا ایک گروپ بنانا ہے جو ان کے مسائل کو اجاگر کر سکے اور ان خواتین کو محفوظ ماحول فراہم کر سکے۔ اس موقع پر پراجیکٹ کوآرڈینیٹر آواز II حافظ آباد عثمان غنی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر، سماجی کارکنوں اور معذور افراد پر کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں نے معذور افراد کو بااختیار بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ خصوصی بچوں کے والدین کیلئے بھی یہ صورتحال کسی کڑے امتحان سے کم نہیں، تاہم ان کے حوصلے بلند ہیں، بچوں کو احساس کمتری کا شکار ہونے سے بچانے کیلئے انہیں مکمل توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ پاکستان سمیت دنیا بھر میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنہوں نے اپنی کسی کمی کو آڑے نہیں آنے دیا اور ہمت و حوصلہ سے حالات کا مقابلہ کیا، معذور افراد کی صلاحیتوں پر اعتماد کیا جائے اور بہتر مواقع فراہم کئے جائیں تو یہ افراد بھی معاشرے کا ایک فعال حصہ بن سکتے ہیں۔

کیپس سکول کیمپس شکر گڑھ کی سالانہ تقریب تقسیمِ انعامات

بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے



شکر گڑھ (عمران عارف سے) کیپس سکول کیمپس شکر گڑھ کی سالانہ تقریب تقسیمِ انعامات ہوئی جس میں امتحانات میں بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبہ و طالبات میں انعامات تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں مہمان خصوصی میڈم مدیحہ حسن چیف اکیڈمک کوآرڈینیٹر، میڈم سارہ، سر حمزہ شریف اکیڈمک کوآرڈینیٹر، ہیڈ آفس کیپس سکول شکر گڑھ، محمد حنیف (بزنس مین) اور تمام بچوں کے والدین مہمان خصوصی تھے۔ اس موقع پر کیپس سکول کے پرنسپل افتخار نواز خان اور میڈم مدیحہ حسن کوآرڈینیٹر، میڈم سارہ۔ جنرل سیکرٹری سٹی پریس کلب شکر گڑھ حاجی مہران الٰہی نے پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں کو انعامات تقسیم کئے، ان کے والدین کو مبارک باد دی اور کہا کہ وہ دوسرے اسکولوں کی نسبت اپنے ادارے کے بچوں کو بہتر کوالٹی ایجوکیشن فراہم کر رہے ہیں۔ ہمارا سکول تعلیم کے ساتھ ساتھ بچوں کی تربیت پر بھی بھرپور توجہ دے رہا ہے۔ انہوں نے بچوں کو خوب دل لگا کر پڑھنے کی نصیحت کی۔ ان کا کہنا تھا کہ انسان جس چیز کا پختہ ارادہ کر لیتا ہے تو اس کے راستے میں کوئی چیز بھی رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ تقریب میں علاقے بھر سے سیاسی و سماجی شخصیات مکتبہ فکر اور بچوں کے والدین اور اہل علاقہ نے شرکت کی۔

لالیاں: قبضہ مافیا سے 50 لاکھ روپے کی سرکاری زمین واگزار کروالی گئی

قبضہ مافیا عرصہ چالیس سال سے زیر کاشت رقبہ پر قابض تھے



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) لالیاں میں قبضہ مافیا سے 50 لاکھ روپے کی سرکاری زمین واگزار کروالی گئی۔ قبضہ مافیا عرصہ چالیس سال سے زیر کاشت رقبہ پر قابض تھے۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل لالیاں تھانہ چناب نگر کے علاقہ موضع یاریکی میں اسسٹنٹ کمشنر لالیاں میڈم شازیہ رحمن کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے محکمہ مال نے کامیاب آپریشن کرتے ہوئے عرصہ چالیس سال سے قبضہ کی گئی 9 کنال کی سرکاری زمین واگزار کروالی۔ 9 کنال سرکاری زمین جسکی مالیت تقریبا پچاس لاکھ روپے بنتی تھی۔ جس پر امجد علی۔ افضل وغیرہ نے عرصہ چالیس سال سے قبضہ کیا ہوا تھا۔ جن سے کامیاب آپریشن کرتے ہوئے محکمہ مال نے اپنی تحویل میں لے لی۔ آپریشن میں محکمہ مال کے گرداور۔ پٹواری و دیگر عملہ سمیت تھانہ چناب نگر کی پولیس نے مشترکہ طور پر حصہ لیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر میڈم شازیہ رحمن کا کہنا ہے کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کرنے اور اسمیں ملوث افراد کے خلاف قانونی کاروائیاں جاری رہیں گی

ساہیوال محکمہ زراعت کی کوششیں رنگ لے آئیں

9 لاکھ 20 ہزار ایکڑ کے ہدف میں سے 3 دسمبر تک 9 لاکھ 10 ہزار 912 ایکڑ پر گندم کاشت ہو چکی



ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) محکمہ زراعت کی کوششیں رنگ لے آئیں، ساہیوال ڈویژن میں گندم کی کاشت کا 99 فی صد ہدف حاصل کر لیا، 9 لاکھ 20 ہزار ایکڑ کے ہدف میں سے 3 دسمبر تک 9 لاکھ 10 ہزار 912 ایکڑ پر گندم کاشت ہو چکی ہے جبکہ بوائی 10 دسمبر تک جاری رہے گی، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہناز اختر کی گندم بوائی کی ڈویژنل کمیٹی میں بریفنگ۔ کمیٹی کا اجلاس کمشنر آفس میں منعقد ہوا جس کی صدارت کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کی۔ اجلاس میں تینوں اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز صائمہ علی، احمد عثمان جاوید اور سعدیہ مہر اور محکمہ ریونیو، زراعت اور ایریگیشن کے ضلعی افسران نے بھی شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے محکمہ زراعت کی کاوشوں پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ محکمے کے فیلڈ عملے نے جس طرح ڈویژن بھر میں فارمرز ڈے کا انعقاد کر کے زمینداروں سے قریبی رابطہ رکھا اور انہیں معیاری بیج اور کھادوں کی خریداری میں معاونت کی وہ قابل ستائش ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ 10 دسمبر تک اس مہم کو جاری رکھا جائے تا کہ ملک کی فوڈ سیکورٹی کو یقینی بنایا جا سکے۔

خوف خدا دل میں ہونا چاہیے اسکے لئے اعلان کی ضرورت نہیں، عبدالقدیر اعوان شیخ

آپ ﷺ کی نبوت و رسالت کو زمانوں کی قید سے آزاد فرمایا گیا



ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ اگر ہم اپنی زندگیوں کو اللہ کریم کے احکامات کے مطابق گزاریں اور اپنے فیصلوں کو نبی کریم ﷺ کے ارشادات کے مطابق کر لیں تو پھر ہمارے درمیان احترام ہو گا اختلافات پر باہم نشست ہوگی اور اس پر جو فیصلے ہوں گے چاہے وہ کسی فریق کے حق میں ہوں یا کسی کے خلاف کیونکہ یہ فیصلے قرآن وسنت کے مطابق ہوں گے اس لیے ہر فریق کو تہہ دل سے قبول بھی ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ آپ ﷺ نبوت و رسالت کو زمانوں کی قید سے آزاد فرمایا گیا اور اولاد آدم اور جن وانس کے لیے قیام قیامت تک فرما دیا۔ آپ ﷺ زمانہ تمام زمانوں میں سب سے افضل زمانہ ہے۔ پھر اس کے بعد والا اور پھر اس کے ساتھ والا، یہ تین زمانے سب سے افضل زمانے ہیں جوں جوں ہم آپ ﷺ کے زمانہ مبارک سے دور ہوتے جا رہے ہیں ہم میں ہر طرح کی انحطاط آ رہی ہے ہمارے قول وفعل میں تضاد ہے ہمارے ظاہر اور باطن میں فرق ہے یہ اتنی بڑی خرابی اور فتور ہے جو باہم انتشار پیدا کرتا ہے اور قلوب پر سیاہی چھا جاتی ہے صالح عمل کا دارومدار بھی دل کی کیفیت پر اور نیت کا درست سمت ہونا ضروری ہے جب اپنی ذات کو محور بنا کر زندگی بسر کی جائے تو نتائج پھر ایسے ہی آئیں گے جیسے آج ہم اپنے معاشرے میں دیکھ رہے ہیں خوف خدا کا دل میں ہونا اس کے لیے اعلان کی ضرورت نہیں ہے بلکہ کردار ایسا ہونا چاہیے کہ لوگوں کے لیے بہتری اور دین کی رغبت کا سبب بنے بہتری کا معیار اپنی پسند و ناپسند پر نہیں ہے بلکہ وہ بہتر ہے جو اللہ اور اللہ کے حبیب ﷺ پسند ہے اس طرح ہر ایک کو اس کے حقوق ملتے ہیں۔

میری خواہش ہے ہر ضلع میں کتاب میلہ لگے ذوالفقار چیمہ

کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اس میں حصہ لیں، کتاب میلہ لگائیں نوجوانوں کو بلائیں تا کہ وہ کتاب سے رشتہ جوڑیں، تاریخ میں پہلی بار نہایت محنتی دیانتدار اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد محمد رب نواز چدھڑ محمد آصف تارڑ نے کتاب میلہ کو کامیاب کروایا، سابق آئی جی موٹر وے اینڈ ڈی ز



وزیر آباد (نامہ نگار) ہم نیچے جا رہے ہیں اور دنیا کے کچھ ملک اوپر جا رہے ہیں، یہ فرق جو ہے کتاب کی وجہ سے ہے انہوں نے علم کی طاقت کا اندازہ لگا لیا اور اپنا رابطہ علم اور کتاب سے جوڑا آج وہ آسمانوں تک پہنچ گئے ہیں، ہم نے اپنا ناطہ توڑ لیا کتاب پھینک دی اور کتاب پھینک کر نیچے زوال کی طرف جا رہے ہیں، ہمارے زوال کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے علم سے اور تحقیق سے اپنا تعلق توڑ لیا۔ میری یہ بڑی خواہش تھی کہ ہر ضلع میں کتاب میلہ لگنا چاہئے کمشنر، ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر اس میں حصہ لیں، کتاب میلہ لگائیں نوجوانوں کو بلائیں تا کہ وہ کتاب سے رشتہ جوڑیں، تاریخ میں پہلی بار نہایت محنتی دیانتدار اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد محمد رب نواز چدھڑ محمد آصف تارڑ نے کتاب میلہ کو کامیاب کروایا یہ بہت ہی قابل ستائش ہے، کتاب میلہ دیکھ کر بہت خوشی ہوتی ہے شاید ملک یا پنجاب کی کسی تحصیل میں ایسا کتاب میلہ لگا ہو این خیالات کا اظہار سابق آئی جی موٹر وے اینڈ ہائی ویز ذوالفقار احمد چیمہ نے طیب بک ڈپو اینڈ ریسورس سنٹر کے زیر اہتمام لگائے گئے کتاب میلہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایم پی اے وقار احمد چیمہ، اسسٹنٹ کمشنر محمد رب نواز چدھڑ، محمد آصف تارڑ، عرفان شہزاد تارڑ، امتیاز اظہر بھا گڑی، میر ماجد علی سالار، عبدالرحمن چوہدری، جاوید اقبال، آفتاب صادق چیمہ، افتخار احمد بٹ، صابر حسین بٹ، محمد اشرف نثار، زاہد محمود ہاشمی، کاشف محمود خان، شکیل اعوان، ڈاکٹر یونس فراز سمیت طلباء وطالبات کی کثیر تعداد موجود تھی۔ انہوں نے کہا کہ ملک پاکستان کی آبادی 24 کروڑ ہے اور ہندوستان میں مسلمانوں کی آبادی 26 کروڑ ہے مگر کیا فرق ہے 26 کروڑ آبادی شاذ ہی کسی مسلمان ملک کو ہو لیکن انڈیا میں مسلمانوں کی نہ جانیں محفوظ ہیں اور نہ عورتوں کی عزت محفوظ ہے جب چاہیں ہندو بد معاش مسلمانوں کے گھروں میں گھس جاتے ہیں اور مسلمانوں کو گھروں سے نکال کر قتل کر دیتے ہیں کوئی ایف آئی آر نہیں کوئی پولیس نہیں، کوئی عدالت نہیں جب چاہیں مسلمان لڑکی اغوا کر کے لے جاتے ہیں اس لئے کہ وہ غلام ہیں صورتحال یہ ہے کہ وہاں مسلمانوں کی نئی نسل اپنا اسلامی نام نہیں رکھ سکتے وہ ہندوؤں والے نام رکھنے پر مجبور ہیں، جو لوگ ملک کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کرتے ہیں انہیں ایک ہفتہ ہندوستان بھیجو انہیں ایک ہفتہ میں ہی پتہ لگ جائے گا کہ آزادی کی کیا قدر و قیمت ہے جب وہ ایک ہفتہ بعد واپس آئینگے تو وہ ہر روز اٹھ کے قائد اعظم محمد علی جناحؒ اور علامہ محمد اقبالؒ کے لئے سارا دن دعائیں کرتے رہیں گے کہ وہ ہمارے محسن ہیں۔ جن کی وجہ سے آزاد ملک کا ملا الحمد للہ بڑی نعمت ہے یہ آزادی۔ جو بندے آزادی کی نعمت کی درنہیں کرتے ان سے آزادی کی نعمت چھین لی جاتی ہے دنیا کے بڑے بڑے ملک اور قومیں ہمیں یہ طعنے دیتی ہیں تم ایک احسان فراموش قوم ہو ایسا نہ ہو کہ قدرت یہ نعمت تم سے چھین لے، جب ہم آزاد ہوئے تھے اس وقت ہمارے کیا حالات تھے اس لئے کے ہمارے قائد محمد علی جناح ایک ایماندار لیڈر تھا اسکے دامن پر کوئی داغ نہیں تھا اور اسکی وجہ سے افسر بھی ایماندار تھے ہمیں تو آزادی کے وقت کوئی سامان نہیں ملا تھا کرسیاں نہیں تھیں میز نہیں تھے افسر اینٹوں پر بیٹھتے تھے، مگر ایک جوش تھا کہ نیا ملک ہم نے لیا ہے بھارت پانچ گناہ ملک تھا ہم سے ہماری اکنامی کئی گناہ آگے تھی کوریا جیسا ملک ہم سے پوچھتے کہ کہ بتاؤ ترقی کیسی کی جاتی ہے اور وہ ہمارا پانچ سالہ پلان لیکر گئے تو آج دیکھیں کوریا کہاں سے کہاں پہنچ گیا ہے، ہماری ریلوے ایشیاء کی سب سے اعلیٰ ریلوے تھی۔ ہماری پی آئی اے پوری دنیا کی تین بڑی ائیر لائنوں میں تھی دوسرے ملکوں کی ائیر لائنز کو بھی ہماری ائیر لائن پی آئی اے نے کھڑا کیا، آج ہم پی آئی اے بیچ رہے ہیں اپنے اثاثے بھی کوئی بیچتا ہے، جو کسی کام کا نہ ہو وہ اپنے اثاثے بیچتا ہے، یہ سوچنے کی باتیں ہیں، ہمارا ہمسایہ جس سے ہم آگے تھے وہ دنیا کی تیسری طاقت بن گیا ہے اور ہم گہرے کنویں میں جا گرے ہیں اور اپنے اثاثے بیچ رہے ہیں، یو اے ای اور سعودیہ کہ لوگ یہاں آ کر بھیک مانگتے تھے اور ہمارے لوگ وہاں جاتے ہیں اور بھیک مانگتے ہیں اور اب انہوں نے پابندیاں لگا دی ہیں۔ اور اگر ہم نے زوال کا راستہ روکنا ہے اور اگر ہم چاہتے ہیں کہ دنیا میں ہم ایک باعزت اور باوقار قوم کی طرح زندہ رہیں تو پھر تہیہ کرنا ہوگا صرف اور صرف رزق حلال کھائینگے۔

مرید کے: سرکاری ملازمین کی ملی بھگت سے اربوں کا نقصان

عدالت کے حکم پر اینٹی کرپشن حکام نے انکوائری کا آغاز کر دیا

مرید کے (تحصیل رپورٹر) ایل ڈی اے اتھارٹی اور میونسپل کارپوریشن کے سرکاری ملازمین کا سرکار کو ملی بھگت سے اربوں روپے کا نقصان عدالت کے حکم پر اینٹی کرپشن حکام نے انکوائری کا آغاز کر دیا بغیر نقشہ منظوری کے سینکڑوں غیر قانونی کمرشل رہائشی کالونیاں مارکیٹیں پلازے شادی ہالز مارکیاں دوکانات بلڈنگز کی تعمیرات کروا دی گئی اور تجاوزات بھی قائم کروا دی شہریوں کا ارباب اختیار سے فوری نوٹس لیتے کاروائی کرنے کا مطالبہ بتایا جاتا ہیکہ مرید کے میونسپل کارپوریشن کی حدود میں محکمہ ایل ڈی اے اتھارٹی اور میونسپل کارپوریشن مرید کے کے سرکاری ملازمین کی ملی بھگت سے سرکار کو اربوں روپے کا ریونیو کی مد میں نقصان پہنچا دیا ہے مرید کے میں سینکڑوں رہائشی کالونیاں کمرشل پلازے و بلڈنگز مال آف مرید کے پلازہ، چوہدری نور الٰہی سینٹر بلڈنگ، ڈی اے مارکیٹ بالمقابل تحصیل ہسپتال، خان پلازہ جی ٹی روڈ، شادی ہالز، مارکیاں، اور جی ٹی روڈ پر ہزاروں کی تعداد میں کمرشل دوکانات کی غیر قانونی بغیر نقشہ منظوری کے تعمیرات کروا دی گئی اور ساتھ تجاوزات بھی سروس روڈ تک قائم کروا دی گئی جس کی نشاندہی کرتے شہری نے ڈی جی اینٹی کرپشن پنجاب درخواست دی جس کا ڈائری نمبر 1007/24/01/24 اور 24/01/24 شیشن جج لاہور کی عدالت جناب کامران احمد ریحان میں رٹ پٹیشن دائر کر دی جس میں عدالت نے ایک ماہ میں قانون کیمطابق انکوائری مکمل کر کے کاروائی کرنے کا حکم ڈی جی اینٹی کرپشن کو صادر فرما دیا انکوائری افسر ڈپٹی ڈائریکٹر اینٹی کرپشن حسن رضا نے انکوائری کا آغاز کرتے پارٹیوں کو ریکارڈ سمیت طلب کر لیا شہریوں تاجروں رفاحی وسماجی تنظیموں نے اینٹی کرپشن حکام سے فوری انکوائری مکمل کرتے دیگر ارباب اختیار وزیر اعلیٰ چیف سیکرٹری ہاؤسنگ کالونی و بلڈنگ اتھارٹی سیکرٹری بلدیات صوبائی محتسب اعلیٰ پنجاب کمشنر ریجن لاہور اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے مذکورہ غیر

ضلعی انتظامیہ عوام کو مقرر نرخوں پر اشیاء کی فراہمی کیلئے پرعزم ہے، شہیر نہ غلام مرتضیٰ جونیجو

پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ماہ نومبر کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس سے خطاب



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب عوام الناس کو معیاری اور مقررہ کردہ نرخوں پر اشیاء کی دستیابی یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہر ینہ غلام مرتضیٰ جونیجو کی زیر صدارت پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی ماہ نومبر کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کمیٹی روم میں منعقد ہوا۔ تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اجلاس میں شریک تھے۔ ڈسٹرکٹ آفیسر انڈسٹریز خاور حفیظ نے پرائس مجسٹریٹس کی ماہ نومبر کی کارکردگی بارے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس نے ماہ نومبر کے دوران 35 ہزار 2 سو 35 مقامات کی چیکنگ کی، دوران چیکنگ 2159 خلاف ورزیاں پائی گئیں، خلاف ورزی کرنے والے تاجران کو 4 4 لاکھ 68 ہزار 05 سو روپے جرمانہ عائد کیا گیا جبکہ نوٹس کے باوجود خلاف ورزی کرنے والے 2 0 افراد کو حراست میں بھی لیا گیا ہے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شہر ینہ غلام مرتضیٰ جونیجو نے پرائس مجسٹریٹس کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام ضلعی پرائس کنٹرول مجسٹریٹس روزانہ کی بنیاد ٹارگٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے چیکنگ یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس ضلع بھر کی مارکیٹوں اور بازاروں میں موثر مانیٹرنگ جاری رکھیں، غیر معیاری کی اشیا کی فروختگی، ذخیرہ اندوزی اور مہنگی اشیا فروخت کرنے والوں کو بھاری جرمانے عائد کریں۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے تاجروں اور ریڑھی بانوں کے ساتھ نرمی برتی جائے

پولیس لائن ویلفیئر ڈسپنسری میں یو پی ای سی میٹنگ کا انعقاد

**ڈی ایچ او ڈاکٹر افتخار احمد نور اور ضلعی صدر الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز ایم او یو سی 89 سول لائن محمد رمضان صابر سیال کی زیر صدارت پولیس لائن ویلفیئر ڈسپنسری میں U-PEC میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی ایچ او افتخار احمد نور، محمد رمضان صابر سیال ایم او یو سی 89 سول لائن جھنگ، سید ماجد زمان شاہ ڈائریکٹر گریژن سکول/صدر پر

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پر تشدد انتہا پسندی کیخلاف قومی پالیسی کی منظوری

وزارت داخلہ کی مشاورت پر مشتمل پر یونیورسٹی آف ایجوکیشن (نیشنل کمبیٹنگ وائلنٹ ایکسٹریم ازم پالیسی) (پر تشدد انتہا پسندی کی روک تھام کیلئے قومی پالیسی کی منظوری دیدی گئی۔ پالیسی کی منظوری وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں دی گئی۔

آج پاکستان میں دہشت گردی پھر سے جڑ پکڑنی ہوئی نظر آرہی ہے۔ بلوچستان اور خیبر پختونخواہ کے علاقے بری طرح دہشتگردی کی لپیٹ میں آچکے ہیں۔ دہشت گردی میں اندرونی عناصر اور بیرونی ہاتھ ملوث ہے۔ ایک تو فی الوقت ہی دہشت گردی ہورہی ہے اور بدستور ہورہی ہے۔ دوسرے بلوچ علیحدگی پسند ہیں اور جہاں موقع ملتا ہے قتل و غارت گر کررہے ہیں۔ یہ نہ صرف بلوچستان بلکہ دوسرے صوبوں میں بھی موت کا پیغام پھیلا رہے ہیں۔ فرقہ واریت بھی معاشرے میں سرایت کرتی رہی ہے۔ حکومت کی طرف سے فی الوقت دہشت پسندوں کے خلاف آپریشن ہورہا ہے جس کے خلاف کارروائیاں ہورہی ہیں۔ پاکیساں بیانیہ بھی ہے۔ قانون سازی ہوئی ہے۔ نیشنل ایکشن پلان بھی دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ترتیب دیا گیا تھا۔

فرقہ واریت ایک حساس معاملہ گردانا جاتا ہے۔ حکومتیں فرقہ واریت کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات سے گریزاں رہتی ہیں کہ مبادہ اس کا سدباب کرتے کرتے آگ مزید نہ بھڑک اٹھے۔ حکومت کی طرف سے گزشتہ سال ستمبر میں وائلنٹ ایکسٹریم ازم مل 2023 دلایا گیا تھا۔ اتنا پرانی پالیسی بلز اور ایکشن کا حصہ نہیں۔ ان میں کچھ ایکٹ، ارشاد دہشت گردی، فارن ایکسچینج ریگولیشن، بینکنگ کمپنیز اور منی لانڈرنگ جیسے ایکشن کو بطور مثال پیش کیا جاسکتا ہے۔ 2023ء کے مجوزہ بل کے مطابق: پر تشدد انتہا پسندی میں ملوث ہونے پر تنظیم کو 50 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا جبکہ تنظیم کو کالعدم بھی قرار دیا جائے گا۔ قانون کی خلاف ورزی کرنے والی تنظیم کو 20 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا۔ جرم ثابت ہونے پر فرد یا تنظیم کی جائیداد منجمد کرلیے جائیں گے، تشدد کی معاونت یا سازش کرنے اکسانے والے شخص کو 10 سال تک قید اور 20 لاکھ روپے جرمانہ ہوگا۔ جرم کرنے والے شخص کو ہتھیار دینے والے کو بھی قید اور جرمانہ ہوگا۔ پر تشدد تنظیم کے لیڈرز، عہدیداران اور ممبران کا انٹرویو نشر کرنے پر ٹیلیکاسٹ اتھارٹی کے ذریعے ٹیلیکاسٹ کے لائسنس منسوخ کردیے جائیں گے۔ مجوزہ بل کے مطابق ڈویژنل پولیس آفیسر کی سربراہی میں ڈویژنل کمیٹی ہوگی جو کالعدم تنظیموں کی فہرست مرتب کرے گی۔ ڈویژنل کمیٹی میں ڈپٹی کمشنر، ایس ایس پی، ڈویژنل افسر ایجوکیشن، ڈویژنل افسر ہیلتھ، ڈویژنل افسر سوشل ویلفیئر، ڈویژنل افسر ریونیو، ڈویژنل افسر ایکسائز



بھارتی بورڈ نے اپنے ملک میں ہونیوالے ایونٹس کے لیے ہائبرڈ ماڈل مسترد کر دیا

اگر چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہندوستانی ٹیم پاکستان نہیں آتی تو پھر گرین شرٹس بھی بھارت کا رخ نہیں کریں گے کیونکہ سیکیورٹی مسائل کی وجہ سے حکومت اجازت نہیں دے گی

لاہور (ویب ڈیسک) چیمپئنز ٹرافی کے معاملے پر ہائبرڈ ماڈل کی ضد کرنے والے بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے اپنے ملک میں ہونے والے آئی سی سی ایونٹس کے لیے ہائبرڈ فارمولا ماننے سے انکار کر دیا۔ دی ٹیلی گراف کی رپورٹ کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے 2031 تک بھارت میں شیڈول تمام آئی سی سی ایونٹس کے لیے ہائبرڈ ماڈل ہی اپنانے کا فارمولا پیش کیا تھا کہ اگر چیمپئنز ٹرافی کے لیے ہندوستانی ٹیم پاکستان نہیں آتی تو پھر گرین شرٹس بھی بھارت کا رخ نہیں کریں گے کیونکہ سیکیورٹی مسائل کی وجہ سے حکومت اجازت نہیں دے گی۔ تاہم اب بھارتی بورڈ (بی سی سی آئی) نے موقف اپنایا ہے کہ بھارت میں سیکیورٹی کے کوئی مسائل نہیں، اس لیے کوئی بھی ایونٹ ہائبرڈ ماڈل پر نہیں ہوگا۔ قبل ازیں بھارت کے علاوہ آئی سی سی کے وفد پاکستان میں سیکیورٹی اور اسٹیڈیمز کی تعمیرات کا جائزہ لے کر جا چکے ہیں لیکن کوئی اعتراض نہیں اٹھایا، تاہم بھارت نے سیکیورٹی کا بہانہ بنا کر پاکستان آنے سے انکار کر دیا۔ خیال رہے کہ آئی سی سی کے تحت ہونے والے ون ڈے ورلڈ کپ 2025، ٹی 20 ورلڈ کپ 2026 اور 2029 کی چیمپئنز ٹرافی کے علاوہ 2031 کا ون ڈے ورلڈ کپ بھی بھارت میں ہی شیڈول ہے۔ رپورٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی کے معاملے پر آئی سی سی بورڈ آئندہ چند دنوں میں دوبارہ اجلاس طلب کرے گا۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) ایونٹ کی مکمل میزبانی کرنے پر قائم ہے جبکہ ہائبرڈ کی صورت میں دو ٹوک موقف پر قائم ہے کہ 2031 تک تمام ایونٹس جو بھارت میں ہوں گے انہیں بھی ہائبرڈ ماڈل کے تحت کروایا جائے



لاہور: آرچری سنٹر میں کھلاڑی تیراندازی کا مظاہرہ کر رہی ہے۔

جاپان کو شکست دیکر پاکستان جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے فائنل میں پہنچ گیا

عمان (این این آئی) پاکستان نے جاپان کو 2 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے کر جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے فائنل کھیلنے کو ایفائی کر لیا۔ عمان میں جاری جونیئر ہاکی ایشیا کپ کے پہلے سیمی فائنل میں پاکستان اور جاپان کے درمیان دلچسپ مقابلہ ہوا۔ پہلے کوارٹر میں کوئی ٹیم بھی گول نہ کر سکی۔ دوسرے کوارٹر میں پاکستان کے کپتان حنان شاہد نے گول کر کے برتری دلائی لیکن 3 منٹ بعد ہی جاپان کے تناکا توباشا نے گول کر کے مقابلہ برابر کر دیا۔ ہاف ٹائم تک مقابلہ ایک ایک گول سے برابر رہا تاہم تیسرے کوارٹر میں 38 ویں منٹ میں علی بشارت نے گول کر کے پاکستان کو پھر برتری دلائی لیکن اس بار بھی جاپان کے یامانا کا نے گول کر کے مقابلہ پھر 2-2 کر دیا۔

آسٹریلیا اور بھارت کی خواتین ٹیموں کے درمیان پہلا ون ڈے کرکٹ میچ آج کھیلا جائے گا

برسبین (این این آئی) آسٹریلیا اور بھارت کی خواتین ٹیموں کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین ون ڈے میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ آج (جمعرات کو) ایلن بارڈر فیلڈ، برسبین کے مقام پر کھیلا جائے گا۔ بھارتی خواتین ٹیم ان دنوں آسٹریلیا کے دورہ پر ہے جہاں وہ میزبان ٹیم کے خلاف تین ون ڈے میچوں کی سیریز کھیلے گی۔

قومی ویمن فٹبال ٹیم کو سعودی عرب سے دوستانہ میچ کیلئے این او سی جاری



اسلام آباد (سپورٹس ڈیسک) وفاقی وزارت بین الصوبائی رابطہ کی اجازت کے بعد قومی ویمن فٹ بال ٹیم کو سعودی عرب ویمن فٹ بال ٹیم سے دوستانہ میچ کے لیے این او سی جاری کر دیا گیا اور قومی ٹیم آج قطر کے شہر دوحا روانہ ہوگی۔ میڈیا ذرائع کے مطابق وفاقی وزارت بین الصوبائی رابطہ سے اجازت ملنے کے بعد پی ایس بی نے منگل کو این او سی جاری کیا اور اب قومی ویمن ٹیم آج اپنی منزل کی جانب روانہ ہو جائے گی۔ قومی ویمن فٹ بال ٹیم کو اہم اجازت نامے کے اجرا میں تاخیر کے سبب تمام منتخب کھلاڑی قومی اسکواڈ کا حصہ نہ بن سکیں، برطانوی شہریت کی حامل قومی ویمن کپتان ماریہ خان اور کھلاڑی یسریٰ خان براہ راست لندن سے دوحا پہنچیں گی۔ سعودی ویمن فٹ بال ٹیم سے دوستانہ ویمن میچ ہفتے کو کھیلا جائے گا جبکہ میچ سے قبل قطر میں سہ روزہ قومی ویمن کیمپ کا انعقاد ہوگا، دوحہ میں کیمپ کے اخراجات سعودی فٹ بال فیڈریشن برداشت کرے گی۔ پاکستان کے اسکواڈ میں 8 رکنی اسپورٹنگ اسٹاف بھی شامل ہے، دوستانہ میچ کے بعد قومی ویمن ٹیم 9 دسمبر کو واپس وطن پہنچ جائے گی۔

سفیان مقیم نے ٹی 20 میں عمر گل کا 15 سالہ ریکارڈ توڑ ڈالا

عمر گل نے 2013 میں جنوبی افریقا کے خلاف 6 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا



بلاوائیو (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹ ٹیم کے نوجوان سپنر سفیان مقیم نے ٹی 20 انٹرنیشنلز میں پاکستان کے سابق فاسٹ بولر عمر گل کا 15 سالہ ریکارڈ توڑ دیا۔ زمبابوے کے خلاف سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ زمبابوے نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا تاہم پاکستانی بولرز کے سامنے ان کی بیٹنگ لائن ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم 57 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ زمبابوے کا 58 رنز انٹرنیشنلز میں سب سے بہترین میچ فیگرز کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔ اس سے قبل یہ اعزاز سابق فاسٹ بولر عمر گل کے پاس تھا جنہوں نے 2009 میں نیوزی لینڈ اور 2013 میں جنوبی افریقا کے خلاف 6 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا۔ واضح رہے کہ نوجوان سپنر سفیان نے اب تک صرف 7 ٹی 20 انٹرنیشنلز کھیلے ہیں جس میں انہوں نے 14 وکٹیں حاصل کی ہیں۔

دورہ جنوبی افریقا کیلئے قومی سکواڈ کا اعلان، عباس کی ٹیسٹ میں واپسی، شاہین باہر

لاہور (این این آئی) دورہ جنوبی افریقا کے لیے قومی سکواڈ کا اعلان کر دیا گیا، محمد عباس کی ٹیسٹ ٹیم میں واپسی ہوئی ہے جبکہ شاہین شاہ آفریدی کو ڈراپ کیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ ٹیم دورہ جنوبی افریقا میں 10 دسمبر سے 7 جنوری تک 3 ٹی 20، تین ون ڈے اور 2 ٹیسٹ میچز کھیلے گی۔ ٹیسٹ سکواڈ میں فاسٹ باؤلر محمد عباس کی واپسی ہوئی ہے جبکہ بابر اعظم تینوں فارمیٹس کے سکواڈز میں شامل ہیں، سفیان مقیم کو پہلی بار ون ڈے سکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ وائٹ بال کے ہیڈ کوچ اور سلیکٹر عاقب جاوید نے کہا ہے کہ ورک لوڈ مینجمنٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے شاہین شاہ آفریدی صرف وائٹ بال سکواڈ میں شامل کیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ شاہین آفریدی چیمپئنز ٹرافی میں جسمانی اور ذہنی طور پر تازہ دم ہوں۔ انہوں نے کہا ہے کہ اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ تینوں سکواڈز متوازن ہوں اور جنوبی افریقا میں اچھی کارکردگی دکھائیں، ریڈ بال ہیڈ کوچ جیسن گلیسپی 13 دسمبر کو جوہانسبرگ پہنچ کر ٹیسٹ سیریز کے کیمپ کی نگرانی کریں گے۔ ٹیسٹ ٹیم میں شان مسعود (کپتان)، سعود شکیل (نائب کپتان)، عامر جمال، عبداللہ شفیق، بابر اعظم، حسیب اللہ (وکٹ کیپر)، کامران غلام، خرم شہزاد، میر حمزہ، محمد عباس، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، نسیم شاہ، نعمان علی، صائم ایوب، سلمان علی آغا کو رکھا گیا ہے۔ ون ڈے سکواڈ میں محمد رضوان (کپتان، وکٹ کیپر)، عبداللہ شفیق، ابرار احمد، بابر اعظم، حارث رؤف، کامران غلام، محمد حسنین، محمد عرفان خان نیازی، نسیم شاہ، صائم ایوب، سلمان علی آغا، شاہین شاہ آفریدی، سفیان مقیم، طیب طاہر، عثمان خان (وکٹ کیپر) شامل ہیں جبکہ ٹی 20 سکواڈ محمد رضوان (کپتان، وکٹ کیپر)، ابرار احمد، بابر اعظم، حارث رؤف، جہانداد خان، محمد عباس آفریدی، محمد حسنین، محمد عرفان خان نیازی، عمیر بن یوسف، صائم ایوب، سلمان علی آغا، شاہین شاہ آفریدی، سفیان مقیم، طیب طاہر، عثمان خان (وکٹ کیپر) پر مشتمل ہے۔

آسٹریلوی لیجنڈ ٹینس سٹار نیل اینڈریو فریزر 91 سال کی عمر میں چل بسے

میلبورن (ویب ڈیسک) آسٹریلیا کے لیجنڈ ٹینس سٹار، سابق ومبلڈن اوپن چیمپئن نیل اینڈریو فریزر 91 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق نیل اینڈریو فریزر نے 1960 میں ومبلڈن اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے مینز سنگلز ٹائٹل کے ساتھ ساتھ 1959 اور 1960 میں یو ایس نیشنل چیمپئن شپ کا ٹائٹل بھی جیتا تھا تب ٹینس ابھی ایک شوقیہ کھیل تھا۔ نیل اینڈریو فریزر نے 11 مینز ڈبلز اور پانچ مکسڈ ڈبلز گرینڈ سلام ٹائٹلز بھی اپنے نام کیے اور 1959 میں مردوں کے سنگلز مقابلوں کی عالمی درجہ بندی میں نمبر ون بنے، نیل اینڈریو فریزر نے 24 سال میں آسٹریلوی ٹیم کی کپتانی کرنے سے قبل ایک کھلاڑی کی حیثیت سے چار مرتبہ ڈیوس کپ کا ٹائٹل جیتا تھا۔

کرائسٹ چرچ ٹیسٹ، نیوزی لینڈ اور انگلینڈ پر سلو اوور ریٹ پر جرمانہ، آئی سی سی

کرائسٹ چرچ (این این آئی) نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے درمیان ہونے والے کرائسٹ چرچ ٹیسٹ میں دونوں ٹیموں پر سلو اوور ریٹ پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔ آئی سی سی اعلامیے کے مطابق دونوں ٹیموں پر میچ فیس کا 15، 15 فیصد جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ جرمانے کے ساتھ ٹیموں کے 3 ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ پوائنٹس بھی کم کر دیے گئے۔ آئی سی سی میچ ریفری ڈیوڈ بون نے ٹیموں پر جرمانہ عائد کیا۔ انگلینڈ اور نیوزی لینڈ نے مقررہ وقت میں 3، 3 اوورز کم کروائے۔ نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے درمیان ہونے والے کرائسٹ چرچ ٹیسٹ میں دونوں ٹیموں پر سلو اوور ریٹ پر جرمانہ عائد کر دیا گیا۔

مداح نے رونالڈو کو چیلنج ہرا کر 1 ملین ڈالر کا انعام جیت لیا

کرسٹیانو رونالڈو نے ایک مداح کے ساتھ 1 ملین ڈالر انعام کے لیے ایک چیلنج قبول کیا تھا



پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کو ایک مداح نے ہرا کر 1 ملین ڈالر کا انعام جیت لیا۔ مسٹر بیسٹ کے یوٹیوب چینل پر النصر کے اسٹرائیکر کرسٹیانو رونالڈو نے ایک مداح کے ساتھ 1 ملین ڈالر انعام کے لیے ایک چیلنج قبول کیا تھا۔ اس کے تحت پینلٹی ایریا سے گول پوسٹ پر 3 اہداف کو لٹکایا گیا تھا جس کا صحیح نشانہ لگانا تھا تاہم اس مقابلے میں حیران کن طور پہلی باری میں دونوں کوئی اسکور نہیں کر سکے۔ تاہم دوسری اور چوتھی باری میں خلیل نامی مداح نے ٹارگٹ کو با آسانی ہٹ کیا لیکن رونالڈو اپنی تینوں باریوں میں ایسا کرنے سے قاصر رہے اور چیلنج ہار گئے۔ چیلنج سے قبل رونالڈو کا مقابلہ کرنے آئے مداح نے اپنے جیت کے چانسز کو اسٹار فٹبالر کے سامنے 50، 50 قرار دیا تھا۔ رونالڈو ایک بھی ہدف کو صحیح نشانہ نہ لگا سکے جبکہ مداح نے تینوں اہداف کو درست انداز میں نشان زد کیا۔ اس چیلنج کی ویڈیو کو ایک ساڑھے 8 کروڑ سے زائد ویوز مل چکے ہیں۔

پاکستان کے نوجوان اسپنر سفیان نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں عمر گل کا 15 سالہ ریکارڈ توڑ دیا

سفیان مقیم نے 2.4 اوورز میں 3 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا تھا

بلاوائیو (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے نوجوان اسپنر سفیان مقیم نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں پاکستان کے سابق فاسٹ بولر عمر گل کا 15 سالہ ریکارڈ توڑ دیا۔ منگل کو 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ زمبابوے نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا تاہم پاکستانی بولرز کے سامنے ان کی بیٹنگ لائن ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم 57 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ پاکستان کی جانب سے بائیں ہاتھ کے اسپنر سفیان مقیم نے شاندار بولنگ کرتے ہوئے 2.4 اوورز میں صرف 3 رنز دے کر 5 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ اس کے ساتھ ہی سفیان مقیم نے پاکستانی بولر کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنلز میں سب سے بہترین میچ فیگر ز کا ریکارڈ اپنے نام کرلیا۔

پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی میں منفرد اعزاز اپنے نام کرلیا

پاکستان کرکٹ ٹیم 250 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلنے والی دنیا کی پہلی ٹیم بن گئی

بلاوائیو (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں اہم اعزاز اپنے نام کرلیا۔ منگل کو 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز 2-0 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔ زمبابوے نے ٹاس جیت کر بیٹنگ کا فیصلہ کیا، لیکن پاکستانی بولرز کے سامنے ان کی بیٹنگ لائن ریت کی دیوار ثابت ہوئی اور پوری ٹیم 57 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ زمبابوے کا 58 رنز کا ہدف پاکستان نے چھٹے اوور میں بغیر کسی نقصان کے پورا کر لیا۔ زمبابوے کے خلاف کھیلا گیا سیریز کا دوسرا ٹی ٹوئنٹی پاکستان کا مجموعی طور پر 250 واں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچ تھا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم 250 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میچز کھیلنے والی دنیا کی پہلی ٹیم بن گئی ہے۔ گرین شرٹس نے 250 میں سے 144 میچز میں کامیابی حاصل کی ہے جبکہ 95 میں شکست ہوئی۔ 4 میچز برابر بھی ہوئے جس میں 3 کا فیصلہ سپر اوور اور ایک کا بال آؤٹ میں ہوا، ان 3 میں قومی ٹیم کو شکست اور ایک میں کامیابی ملی۔ اس کے علاوہ 7 میچز بے نتیجہ بھی ثابت ہوئے۔ سب سے زیادہ ٹی ٹوئنٹی میچز کھیلنے والی ٹیم کی فہرست میں دوسرا نمبر بھارت کا ہے جس نے 242 میچز کھیلے ہیں۔ پاکستان کرکٹ ٹیم نے ٹی ٹوئنٹی فارمیٹ میں اہم اعزاز اپنے نام کرلیا۔ منگل کو 3 ٹی ٹوئنٹی میچز کی سیریز کے دوسرے میچ میں پاکستان نے زمبابوے کو 10 وکٹوں سے شکست دے کر سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل کر لی۔



پریانکا چوپڑا کے بیمار والد کیلئے ریتھک اور راکیش روشن کی مدد کا انکشاف

پریانکا فلم کی شوٹنگ میں مصروف تھی جس پر ریتھک اور راکیش روشن نے انکی مدد کی



ممبئی (شوبز ڈیسک) معروف اداکارہ پریانکا چوپڑا کی والدہ ڈاکٹر مدھو چوپڑا نے اپنی زندگی کے سب سے مشکل لمحے کا ذکر کیا اور بتایا کہ کس طرح ریتھک روشن اور راکیش روشن نے ان کے خاندان کی مدد کی جب پریانکا کے والد کو علاج کے لیے امریکہ لے جانا ممکن نہیں ہو پا رہا تھا۔ ڈاکٹر مدھو چوپڑا نے بتایا کہ ان کے شوہر ڈاکٹر اشوک چوپڑا کو کینسر کی تشخیص ہوئی تھی اور انہیں علاج کے لیے بوسٹن منتقل کرنا ضروری تھا، لیکن ایئر لائنز نے ان کی سنگین طبی حالت کے باعث سفر کی اجازت دینے سے انکار کر دیا تھا۔ مدھو نے بتایا کہ اس وقت پریانکا فلم کرش کی شوٹنگ میں مصروف تھیں اور انہوں نے یہ مشکل صورتحال ریتھک اور راکیش روشن کے ساتھ شیئر کی۔ اس پر دونوں نے فوراً مدد کی پیشکش کی۔ انہوں نے ایئر لائنز سے بات کی اور ایسی صورتحال میں ان کا ساتھ دیا، جس کے باعث وہ اپنے شوہر کو بوسٹن لے جانے میں کامیاب ملی۔

تاریخی کیپری سنیما اپنے تابناک ماضی کے ساتھ قصہ پارینہ بن گیا



کراچی (شوبز ڈیسک) شہر کے قدیم سنگل ڈیجیٹل اسکرین سینما گھر کیپری اپنے دامن میں تابناک ماضی کے ساتھ قصہ پارینہ بن گیا، ایک سال قبل عید کے موقع پر مہنگے ترین پروجیکٹر بارکو 32 بی فور کے میں پیدا ہونے والی تیکنیکی خرابی کے سبب بندش نے بالآخر سینما گھر کی حیثیت وعلیہ بدل کر رکھ دیا، کیپری سینما گھر کے اندر توڑ پھوڑ کا عمل شروع کر دیا گیا، انہدام کے بعد سینما گھر کی جگہ کثیر المنزلہ عمارت تعمیر ہوگی۔ کیپری سینما کی سیٹیں اور اسکرینز پشتو فلموں کے لیے معروف مسرت سینما ناظم آباد میں نصب کی جائینگی، 800 نشستوں کا حامل سینما گھر ڈولبی ڈیجیٹل 7.5 ساؤنڈ سسٹم اور پرل لکس ہائی وائٹ 25 ہائی 60 فٹ کی قد آدم سلور اسکرین سمیت عصر حاضر کی سبھی سہولتوں کا حامل تھا۔ مشہور آرکیٹیکٹ ضمیر مرزا کے ڈیزائن کردہ نقشے کے تحت سن 1968 میں مکمل ہونے والے کیپری سینما گھر کا افتتاح اس وقت کے کمشنر کراچی نے کیا تھا اور جنگ عظیم کے پس منظر میں بنائی گئی دی سیکریٹ انویشن پہلی فلم تھی جو 18 جولائی سن 1968 کو کیپری سینما پر نمائش کے لیے پیش کی گئی۔ ابتداء میں انگریزی فلموں کے لیے معروف کیپری سینما کے باکس آفس پر پاکستانی فلموں نے بھی شاندار بزنس کیا، سانقہ پہلی پاکستان فلم تھی جو کیپری پر نمائش پذیر ہوئی۔

2023-24 میں ریکارڈ بزنس کرنے والی بالی وڈ کی فلمیں کون سی ہیں؟

لاہور (ویب ڈیسک) گذشتہ دو برس بالی وڈ کے لیے بہت کامیاب رہے ہیں اور پے در پے کئی ناکامیوں کے بعد انڈین فلموں نے بے پناہ کمائی کی ہے۔ ذیل میں ہم ان پانچ فلموں کا بتائیں گے جنہوں نے شوبز خبروں کی ویب سائٹ 'کوئی موئی' کے مطابق سنہ 2023 سے 2024 تک باکس آفس پر راج کیا ہے۔

'جوان': بالی وڈ کے بادشاہ شاہ رخ خان کی طویل عرصے بعد 2023 میں بڑے پردے پر واپسی ہوئی تو انہوں نے یکے بعد دیگرے اپنے مداحوں کو دو کامیاب فلموں کے تحفے دیے۔ 'پٹھان' کی بے مثال کامیابی کو 'جوان' نے بام عروج پر پہنچا دیا اور شائقین کی جانب سے اسے بے حد پسند کیا گیا۔ جس کا عملی ثبوت اس کی انڈین باکس آفس پر 640 کروڑ 42 لاکھ انڈین روپے کی کمائی ہے۔

'ستری 2': سنہ 2024 میں ریلیز ہونے والی ہارر کامیڈی ڈرامائی یہ فلم 'ستری' سیریز کی دوسری پیشکش تھی اور اس نے کامیابیوں کے نئے جھنڈے گاڑے۔ راج کمار راؤ اور شردھا کپور کی اداکاری نے جہاں فلم کو چار چاند لگائے وہیں تمنا بھاٹیہ کے آئٹم نمبر 'آج کی رات' نے فلم بینوں کے دلوں کو خوب گرمایا۔ اور یوں یہ فلم 627 کروڑ 50 لاکھ انڈین روپے کمانے میں کامیاب رہی۔

'اینیمل': رنبیر کپور کی اس فلم کو جہاں عوام نے پسند کیا وہیں اس کے پرتشدد مناظر اور مردانہ بالادستی کو دکھانے پر اسے تنقید کا نشانہ بھی بنایا گیا۔ لیکن اس سب کے باوجود اس فلم نے 2023 میں باکس آفس پر 554 کروڑ انڈین روپے کمائے۔

'پٹھان': 'Pathan'4: گذشتہ 16 برسوں کی کامیاب فلموں میں شاہ رخ خان کی اس فلم کا چوتھا نمبر ہے۔ اور یہ فلم کافی خاص بھی تھی کیونکہ کئی فلموں کی ناکامیوں اور بیٹے آریان خان کی منشیات کے کیس میں گرفتاری نے ان چہ مگوئیوں کو جنم دیا تھا کہ شاہ رخ خان کا کیریئر ختم ہوگیا ہے اور ان کی جگہ نوجوان خون نے لے لی ہے، لیکن وہ جو کہتے ہیں نہ کہ 'پکچر ابھی باقی ہے میرے دوست'، تو شاہ رخ اس ڈائیلاگ کی عملی شکل نظر آئے۔ اور یوں سنہ 2023 میں ریلیز ہونے والی 'پٹھان' کے ساتھ بالی وڈ کے بادشاہ نے ایسا دھماکے دار کم بیک کیا کہ یہ فلم کئی ریکارڈ توڑتے ہوئے 543 کروڑ 22 لاکھ انڈین روپے کمانے میں کامیاب رہی۔

'غدر 2': 'Treachery 25: 'ڈھائی کلو کا ہاتھ' والے سنی دیول جو اپنی مار دھاڑ اور ایکشن سے بھرپور فلموں کی وجہ سے جانے جاتے ہیں، کئی عرصے سے بڑے پردے سے غائب تھے لیکن سنہ 2023 میں ان کی مشہور زمانہ فلم 'غدر' کا دوسرا پارٹ ریلیز ہوا تو اس نے کھڑکی توڑ کامیابی سمیٹی اور یوں اس فلم نے باکس آفس پر 525 کروڑ 50 لاکھ انڈین روپے کما کر اپنا نام تاریخ میں درج کرالیا۔

وکرانت میسے کا 'ریٹائرمنٹ پوسٹ' پر وضاحتی بیان آ گیا



ممبئی (شوبز ڈیسک) اپنے حیران کن 'ریٹائرمنٹ پوسٹ' سے مداحوں کو چونکا دینے والے وکرانت میسے نے ایک دن بعد اب وضاحت دی ہے۔ 12 ویں فیل کے اداکار نے واضح کیا کہ وہ اداکاری کو خیرباد نہیں کہہ رہے بلکہ اپنی صحت اور خاندان کو ترجیح دینے کے لیے وقفہ لینا چاہتے ہیں۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا، 'اداکاری وہ واحد چیز ہے جو میں کر سکتا ہوں، اور اسی نے مجھے سب کچھ دیا ہے لیکن میری جسمانی اور ذہنی صحت متاثر ہوئی ہے۔ میں کچھ وقت اپنے لیے چاہتا ہوں تاکہ اپنی زندگی کو بہتر بناؤں۔ اس وقت میں خود کو تھوڑا یکسانیت کا شکار محسوس کر رہا ہوں۔' وکرانت میسے نے مزید کہا، 'میری پوسٹ کی غلط تشریح کی گئی کہ میں اداکاری چھوڑ رہا ہوں۔ حقیقت یہ ہے کہ میں وقفہ لے رہا ہوں تاکہ اپنی صحت اور خاندان پر توجہ دے سکوں۔ میں اس وقت واپس آؤں گا جب مجھے لگے گا کہ وقت صحیح ہے۔' قبل ازیں، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا تھا، 'میں ریٹائر نہیں ہو رہا ہوں، بس تھک گیا ہوں۔ مجھے ایک طویل وقفہ چاہیے۔ مجھے گھر کی یاد آتی ہے اور صحت بھی کچھ مسائل کا شکار ہے۔ لوگوں نے میرے سوشل میڈیا پوسٹ کو غلط سمجھ لیا ہے۔' وکرانت میسے نے اپنے مداحوں کو اس وقت حیران کر دیا جب انہوں نے 2025 کو اپنا آخری فلمی سال قرار دیا۔

فہد مصطفیٰ برطانوی پارلیمنٹ سے 2 ایوارڈز لینے والے پہلے پاکستانی اداکار بن گئے

ہاؤس آف کامنز کا ایوارڈ نازشاہ جبکہ ہاؤس آف لارڈز کا برطانوی وزیر لارڈ واجد خان نے پیش کیا



لندن (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار فہد مصطفیٰ نے برطانوی پارلیمنٹ کے دونوں ہاؤسز سے ایوارڈز حاصل کر کے اہم اعزاز حاصل کر لیا۔ فہد مصطفیٰ برطانوی پارلیمنٹ سے 2 ایوارڈز حاصل کرنے والے پہلے پاکستانی اداکار ہیں۔ ہاؤس آف کامنز کا ایوارڈ نازشاہ جبکہ ہاؤس آف لارڈز کا برطانوی وزیر لارڈ واجد خان نے پیش کیا۔ ہاؤس آف کامنز کی جانب سے فہد مصطفیٰ کو 'ڈائیورسٹی اینڈ کلچرل امپیکٹ ایوارڈ' دیا گیا جبکہ ہاؤس آف لارڈز کی جانب سے 'گلوبل کلچرل یوتھ ایوارڈ' پیش کیا گیا۔ تقریب کا اہتمام ملٹی کلچرل برطانیہ کی جانب سے کیا گیا تھا۔ یاد رہے کہ گزشتہ ماہ معروف پاکستانی اداکارہ ماہرہ خان کو بھی برطانوی پارلیمنٹ میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے نوازا گیا تھا۔ حکومتی جماعت کے ممبر پارلیمنٹ افضل خان کی دعوت پر ماہرہ خان پارلیمنٹ پہنچی تھیں جہاں یو کے کے زیر اہتمام گیٹی روم میں تقریب کا انعقاد کیا گیا تھا۔

دوسری شادی کے بعد اصل محبت کا احساس ہوا، اداکارہ دانیا انور

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ دانیا انور نے کہا ہے مجھے دوسری محبت اور شادی کے بعد ہی اصل محبت کا احساس ہوا۔ حال ہی میں اداکارہ دانیا انور نجی ٹی وی کے پروگرام میں بطور مہمان شریک ہوئیں جہاں انہوں نے نجی زندگی اور کیریئر سمیت مختلف موضوعات پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ پروگرام کے دوران یکطرفہ محبت سے متعلق پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں دانیا انور نے کہا کہ یک طرفہ بڑی بے وقوفی ہوتی ہے، جس میں دوسرا شخص محبت نہیں کرتا لیکن یک طرفہ محبت کرنے والا شخص اپنا وقت ضائع کر رہا ہوتا ہے۔ میزبان نے اداکارہ سے محبت بارے سوال کیا جس پر انہوں نے اعتراف کیا کہ مجھے دو بار محبت ہوئی، پہلی محبت ناکام ہوئی جبکہ دوسری محبت کے بعد ہی مجھے معلوم ہوا کہ محبت کیا ہوتی ہے۔ میزبان نے دانیا انور سے ان کی دوسری محبت کے حوالے سے بات کرنے کی اجازت مانگتے ہوئے اداکارہ کے شوہر سے متعلق انکشاف کیا کہ دانیا انور نے ماضی کے مقبول فلمی ہیرو ندیم بیگ کے بیٹے فرحان ندیم بیگ سے دوسری شادی کی۔ میزبان کی بات پر دانیا انور نے شرمندگی اور خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اعتراف کیا کہ انہیں دوسری شادی اور محبت کے بعد ہی اصل محبت کا احساس ہوا ہے۔ کیریئر سے متعلق بات کرتے ہوئے دانیا انور نے بتایا کہ معصومیت کی وجہ سے انہیں ڈراموں میں کام کرنے کا موقع ملا، میری خواہش ہے مجھے کبھی ایسے کردار کی پیش کش کی جائے جس میں کم سے کم تین سے زائد محبت کرنے والے افراد کو قتل کروں۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

طبی سہولیات کی فراہمی: ڈپٹی کمشنر ننکانہ کا ہنگامی دورہ

میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر افتخار محی الدین سمیت دیگر افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لینے کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر افتخار محی الدین سمیت دیگر افسران بھی ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں شعبہ حادثات، زچہ بچہ، آوٹ ڈور سمیت مختلف وارڈز کا دورہ کیا۔ انہوں نے مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات کی فراہمی کا جائزہ بھی لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں اور انکے لواحقین کے لیے پرچی کاونٹرز کے قریب ویٹنگ ایریا بنانے کی ہدایت جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ پرچی کاونٹرز پر کمپیوٹرز اور عملے کی تعداد بڑھانے کی وجہ سے رش میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے جس کی وجہ سے پرچی کاونٹرز پر لائینیں ختم ہوگئی ہیں۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ضلع کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ بعدازاں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے بس حادثے میں زخمی افراد کی عیادت کی اور انکو دی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بتایا کہ حادثے کا شکار مسافر بس ملتان سے لاہور جا رہی تھی۔ ترجمان ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب کے مطابق بس حادثے میں 53 زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال لایا گیا، بس حادثے میں 03 افراد 2 خواتین اور 01 بچی جاں بحق ہوئی ہے۔ جاں بحق افراد میں نیلم انجم، شاہدہ اور حورین فاطمہ شامل ہیں جن کا تعلق ضلع ملتان سے ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ چار زخمیوں کو جنرل ہسپتال لاہور ریفر کیا گیا ہے۔

بینکاری سسٹم کو ڈیجیٹل ادائیگیوں کے قابل بنانا وقت کی ضرورت ہے، عبدالرؤف مغل

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) بینک دولت پاکستان گوجرانوالہ کے زیر اہتمام بینکاری سسٹم کو مکمل طور پر ڈیجیٹل ادائیگیوں کے قابل بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس اقدام کے تحت 10 شریک بینکوں کے ساتھ ملاکر *DigiGujranwala – گوجرانوالہ میں 3 روزہ ڈیجیٹل ڈرامیو* کا آغاز کیا گیا۔ اس ضمن میں سیٹلائٹ ٹاؤن کے بینک آف پنجاب، مسلم کمرشل بینک، یونائیٹڈ بینک اور عسکری بینک کے زیر اہتمام فیتہ کاٹنے کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ سابق ایم پی اے عبدالروف مغل، سٹیٹ بینک کے سینئر جوائنٹ ڈائریکٹر محمد طاہر، سٹیٹ بینک کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر راشد چیمہ، دی بینک آف پنجاب کے آر پی ایچ محمد آمین، اورائے ایم مرزا اقبال بینکوں کی علاقائی ٹیموں نے کیا۔ اس اقدام کا مقصد گوجرانوالہ کے سیٹلائٹ ٹاؤن مارکیٹ میں پی او ایس سسٹمز اور کیو آر کوڈز کی تعیناتی کے لیے تاجروں کو آن بورڈ کرنا ہے۔ اسٹیٹ بینک کی ٹیم نے بینکوں کی ڈیجیٹل ٹیموں کے ساتھ، تاجروں کی آن بورڈنگ میں مدد کے لیے مارکیٹوں کا دورہ کیا۔

چکوال سمیت پنجاب بھر میں سنگل یوز پلاسٹک شاپنگ بیگز پر ایک مرتبہ پھر پابندی لگانے کا اعلان

چکوال (ایم ایوب سلطانی) پنجاب حکومت کی جانب سے سنگل یوز شاپنگ بیگز کے استعمال پر ایک مرتبہ پھر پابندی لگانے کا اعلان کردیا گیا، کریک ڈاؤن 10 دسمبر سے شروع کیا جائے گا، تفصیلات کے مطابق 75 مائیکرون وزن سے کم شاپنگ بیگز کی تیاری، خرید و فروخت اور استعمال پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جس کی خلاف ورزی کرنے پر 50 ہزار روپے تک جرمانہ اور دوکان سیل کردی جائے گی۔

ظفروال ہائی وے کی پھرتیاں، ایم پی اے، ایم این اے کو فائل پیپر میں الجھائے رکھا، کوالٹی بہتر نہ ہوسکی

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق:۔ ظفروال کنگرہ روڈ کے تعمیراتی کام دیکھنے کے لئے حلقہ ایم این اے چوہدری انوار الحق وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کشمیر افیئرز و گلگت بلتستان نے کنگرہ روڈ کا وزٹ کیا۔ اس دوران محکمہ ہائی وے نارووال کے افسران اور ٹھیکے دار امتیاز اینڈ کمپنی نے وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کشمیر افیئرز و گلگت بلتستان چوہدری انوار الحق کی خوشامدی اور جی حضوری کے پل باندھ دیئے۔ اس دوران چوہدری انوار الحق کے خصوصی پروٹوکول کے لیے بیچ سڑک کے سرخ قالین بچھایا گیا، پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور سرخ پتیاں بھی نچھاور کی گئیں۔ محکمہ ہائی وے کے ذمہ داران نے چوہدری انوار الحق کو ڈاکومنٹیشن پریزنٹیشن دی اور ادھر ادھر گھوم پھیرا کر مطمئن کر دیا لیکن کام کے معیار اور رولز اینڈ ریگولیشن، ورک پرمٹ پر بلکل بھی کوئی بریفنگ نہ دی۔ محکمہ ہائی وے کے ذمہ داران نے قصداً یہ عمل کیا تاکہ کوالٹی چیک کرنے کا کوئی سوال نہ اٹھ سکے اور نہ ہی یہ چیک کیا جا سکے کہ سڑک کی اونچائی کتنے انچ ریکوائر ہے۔ مال میٹریل کی مقدار کی سرکاری ریکوائرمنٹ کیا ہے اور استعمال ہونے والا میٹریل کس مقدار سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ چوہدری انوار الحق کے جانے کے بعد ہائی وے ڈیپارٹمنٹ کے ملازمین اور ٹھیکیدار نے ایک دوسرے کو مبارک دی اور شکریہ ادا کیا کہ تعمیراتی کام میں موجود تمام خامیوں پر پردہ پڑا رہا اور ایسا ایک دوسرے کے تعاون سے ہی ممکن ہوا ہے

جھنگ: ڈپٹی کمشنر نے اپنے دفتر کے باہر شہریوں کی شکایات اور مسائل سنے

شکایات پر تیز رفتار کارروائی عمل میں لا کر انہیں ریلیف فراہم کیا جارہا ہے، علی اکبر بھنڈر



جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر روزانہ کی بنیاد پر صبح 10 بجے سے 11.30 بجے دن اپنے دفتر کے باہر اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کی شکایات و مسائل سن کر فوری حل کرنے کے احکامات جاری کر رہے ہیں۔ درخواست گزاروں کی شکایات و مسائل پر ترجیحی بنیادوں پر تیز رفتار کارروائی عمل میں لا کر انہیں ریلیف فراہم کیا جا رہا ہے۔ اس حوالہ سے تمام ادارے عوامی مسائل کے حل کے لئے کمر بستہ ہیں۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کا کہنا تھا کہ تمام افسران عوامی مسائل کے حل میں گہری دلچسپی لیں اور اپنے دفاتر کے دروازے ان کے لئے کھلے رکھیں۔ سرکاری دفاتر میں اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کو براہ راست ریلیف اقدامات وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی فرنٹ لائن پالیسی ہے۔ اس ضمن میں تمام ادارے عوامی مسائل کے حل کے لئے کمر بستہ ہیں اور انہیں ریلیف کی فراہمی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے درخواست گزاروں کو یقین دلایا کہ انکی شکایات و مسائل پر ترجیحی بنیادوں پر تیز رفتار کارروائی عمل میں لائی جارہی ہیں۔

کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس میں ایک پروقار اور ایمان افروز تقریب کا انعقاد



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ساہیوال کیمپس میں ایک پروقار اور ایمان افروز تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں نبی کریم ﷺ سیرتِ طیبہ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی۔ چوتھی سیرت النبی ﷺ کانفرنس کا مقصد نوجوان نسل کو رسول اکرم ﷺ کے اسوۂ حسنہ کے مطابق اپنی زندگی گزارنے کی ترغیب دینا اور معاشرتی اصلاح کے لیے سیرتِ نبوی ﷺ تعلیمات کو عام کرنا تھا۔ کیمپس ڈائریکٹر پروفیسر نذیر احمد ظفر نے اپنے خطاب میں اس کانفرنس کے انعقاد کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کی زندگی ہم سب کے لیے ایک مکمل ضابطہ حیات ہے، اور ہمیں ان کی تعلیمات کو اپنی عملی زندگی کا حصہ بنانا چاہیے۔ کانفرنس میں ملک کی ممتاز مختلف مکتبہ فکر سے علمی اور دینی علما، مشائخ و عارفین نے شرکت کی اور اپنے خطابات میں سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ چیئرمین مسلم انسٹیٹیوٹ، اسلام آباد، صاحبزادہ سلطان احمد علی نے کہا کہ نبی اکرم ﷺ حیاتِ طیبہ نہ صرف مسلمانوں بلکہ پوری انسانیت کے لیے ہدایت کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ علم اور عمل کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔ پرنسپل جامعۃ المصطفیٰ، لاہور، علامہ سید حسین مجتبیٰ نے اپنی تقریر میں نبی ﷺ کے اخلاقِ حسنہ کو بطور نمونہ پیش کیا اور اس بات پر زور دیا کہ آج کے دور میں امت کو باہمی اتحاد اور محبت کے ذریعے ترقی کے راستے پر گامزن ہونا چاہیے۔ ڈائریکٹر قرآن کالج اینڈ اسلامک ٹریننگ انسٹیٹیوٹ، پھول نگر، قاری صہیب احمد میر محمدی نے نبی ﷺ کے تعلیماتِ قرآن کو معاشرتی تبدیلی کا سب سے بڑا ذریعہ قرار دیا اور کہا کہ قرآن اور سنت کی روشنی میں ہم اپنے تمام مسائل کا حل تلاش کر سکتے ہیں۔ جامعہ اشرفیہ، لاہور کے پروفیسر ڈاکٹر مولانا محمد سعد صدیقی نے نبی اکرم ﷺ کے صبر، حکمت اور قیادت کے پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور امت مسلمہ کو ان اوصاف کو اپنانے کی تلقین کی۔ کانفرنس میں شریک افراد نے مقررین کے خطابات کو غور سے سنا اور ان کی باتوں کو بے حد سراہا۔ اس موقع پر طلبہ کے لیے خصوصی سوال و جواب کا سیشن بھی منعقد کیا گیا، جس میں طلبہ نے نبی اکرم ﷺ حیاتِ مبارکہ سے متعلق اپنے سوالات کے جوابات حاصل کیے۔ آخر میں معزز مہمانوں کو شیلڈز پیش کی گئیں، اور تمام شرکاء نے تقریب کے انعقاد کو ایک ایمان افروز تجربہ قرار دیا۔ کیمپس ڈائریکٹر نے تمام مہمانوں اور طلبہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی ایسی تقریبات منعقد کی جاتی رہیں گی تاکہ نوجوان نسل کو اسلامی تعلیمات سے روشناس کرایا جاسکے۔

سیالکوٹ بار کی فلاح و بہبود کیلئے پرعزم ہیں، رانا عادل خالد ایڈووکیٹ

انشاء اللہ کامیاب ہوکر وکلاء برادری کی خدمت کرینگے، امیدوار جائنٹ سیکرٹری بار



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ ممبران کی فلاح و بہبود اور حقوق کیلئے ہمیشہ ہراول دستے کا عملی کردار ادا کرتے رہے ہیں۔ اب بھی سیالکوٹ بار ممبران کیلئے مفت طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں پروفیشنل ڈاکٹرز مفت طبی سہولیات کیساتھ شوگر بلڈ پریشر، ہیپاٹائٹس امراض سینہ و آنکھوں سمیت اہم ٹیسٹ بھی کررہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے انتخابات میں امیدوار جائنٹ سیکرٹری کے ووٹرز سپورٹرز نے دوران الیکشن کیمپین میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ رانا عادل خالد ایڈووکیٹ ہائی کورٹس نوجوان قیادت ہے اور سیالکوٹ بار الیکشن میں جیت کر وکلاء کے حقوق کی بہترین پاسبانی اور فلاح و بہبود کیلئے عملی کاوشیں کریں۔

بزرگ محنت کشوں کا احساس احترام آدمیت ہے، چوہدری امتیاز علی وریاہ

لاچاروں کی چارہ گری پریشان حال کی دلجوئی اللہ تعالیٰ کو پسند ہے، سابق صدر سٹی ہاؤسنگ



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) ہر مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور لاچاروں کی چارہ جوئی و پریشان مخلوق کیساتھ صلہ رحمی کرنا اللہ کے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے۔ آج پاکستانی معاشرے کا عمومی رویہ یہ بن چکا ہے کہ خرافات و بے سروپا روایات میں اصراف کیا جاتا ہے جبکہ بزرگ و پریشان حال مخلوق کیساتھ ریٹ کم کرانے کیلئے ایڑھی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ نے فکری

طلباء کی تعلیم وتربیت کیساتھ غیر نصابی سرگرمیاں ممتاز کرتی ہیں۔ پروفیسر زوالفقار زکریا کھانڈ

دی نالج ان سکول ماڈل ٹاؤن اگوکی کریٹیوٹی میں بھی نمبر 1 ہے، طلباء کے والدین کا اظہار خیال



سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سکول وہ درسگاہ کہ جہاں والدین اپنے بچوں کو گود سے نکال کر تعلیم وتربیت اور علوم وفنون اور ادب وآداب سکھانے کیلئے بھیجتے ہیں۔ درسگاہ وہ ادارہ کہ جو انسان کو مکارم انسانیت سکھاتا اور کھلنڈرے بچے کو گرومنگ کر کے مستقبل کا ڈاکٹر، وکیل، سیاستدان، جج جرنیل جرنلسٹ، سائنسدان یا پھر جید عالم و بڑا آدمی بناتا ہے۔ پرنسپل کالج ہذا پروفیسر زوالفقار زکریا کھانڈ ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ فیملی کیساتھ تعلق رکھتے ہیں جس کی حد یہ کہ کھانڈ فیملی کی بہوئیں اور بچے بھی اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں اور جناح کا پاکستان کے سینٹرل گورنر حافظ شاف علی کھانڈ ہوں یا تانوخ کھانڈ ہیومن ریسورس پرسن یا دیگر بچے ماشاء اللہ ملکی بین الاقوامی سطح کے سکالرز، موٹیویشنل سپیکرز وعلم وادب کے بڑے نام ہیں۔ بلاشبہ دی نالج ان سکول اپنے ہمعصر تعلیمی اداروں کے بچوں میں جدید تعلیم کیساتھ اعلیٰ تربیت کیساتھ اوّل نمبر نگ میں آتا ہے یہی وجہ ہے کہ امراء، مڈل کلاس سمیت مختلف مکاتب فکر و پروفیشنز سے تعلق رکھنے والے والدین اپنے بچوں کو عرصہ دراز سے دی نالج ان سکول ماڈل ٹاؤن اگوکی بھیج رہے ہیں۔ دی نالج ان سکول انتظامیہ ماڈل ٹاؤن اگوکی میں عرصہ دراز سے کوالیفائیڈ سٹاف و بین الاقوامی ریسورس پرسنز کے سیشنز کے زریعہ انتہائی مناسب فیس کیساتھ طلباء کیلئے کوالٹی ایجوکیشن کیساتھ دینی و تربیتی پروگرامز کیساتھ کردار سازی بھی ہر رہا ہے۔ طلباء و طالبات کے تیار کردہ سائنس آرٹس کے پروجیکٹس طلباء کی غیر معمولی سرگرمیوں اور انکی خداداد صلاحیتوں کو نکھارنے کیساتھ ان میں مثبت رویوں اور تخلیقی سوچ وفکر کو پروان چڑھانے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔

فیصل آباد لاء کالج کی سالانہ تقریب تعلیمی اور تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد لاء کالج کی سالانہ تقریب تعلیمی اور تخلیقی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ۔ فیصل آباد لاء کالج میں سالانہ انعامات تقسیم کرنے کی شاندار تقریب منعقد ہوئی، جس میں انسداد دہشت گردی عدالت کے جسٹس جاوید اقبال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس تقریب کا مقصد طلبا کی کارکردگی کو سراہنا اور ان کے اندر تخلیقی اور تعلیمی صلاحیتوں کو فروغ دینا تھا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ قرآنِ پاک سے ہوا، جس کے بعد طلبا نے مختلف تخلیقی مظاہروں کے ذریعے حاضرین کو محظوظ کیا۔ کسی نے سنگنگ سے دل جیتا تو کسی نے مزاحیہ تقریر سے قہقہے بکھیرے۔ تقریب کے دوران نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبا کو میڈلز اور انعامات سے نوازا گیا۔ رداسند ھو کو بیسٹ اکیڈمک اچیومنٹ ایوارڈ ملنے پر ہال تالیوں سے گونج اٹھا۔ تقریب میں کالج کے پرنسپل میجر (ریٹائرڈ) اظہر غنی، چیئرمین مشتاق خان ایڈووکیٹ سپریم کورٹ، ڈائریکٹر عامر یوسف ایڈووکیٹ، اور ظل عاطف نے بھی شرکت کی۔ مہمانِ خصوصی جسٹس جاوید اقبال نے طلبا کی محنت اور اعتماد کو سراہتے ہوئے کہا، "یہ نوجوان ہمارے ملک کا روشن مستقبل ہیں، ان کی کامیابیاں ہمیں فخر کا احساس دلاتی ہیں۔

عارفوالا: معہ معینیہ انوارالقرآن کے زیراہتمام سالانہ قرآن اور صاحب قرآن کانفرنس وجلسہ دستار فضیلت

پیر مفتی محمد محب اللہ نوری اشرفی کی زیر قیادت سالانہ پروگرام کا انعقاد کیا گیا



عارفوالا (نمائندہ قوت) جامعہ معینیہ انوارالقرآن کے زیر اہتمام 9 ویں سالانہ قرآن اور صاحب قرآن کانفرنس وجلسہ دستار فضیلت کا انعقاد زیر صدارت علامہ پیر مفتی محمد محب اللہ نوری اشرفی، زیر قیادت علامہ حافظ نور احمد نقشبندی اشرفی مہتمم جامعہ معینیہ انوارالقرآن اور چوہدری اللہ دتہ بمقام نوری چوک کوٹ بخشہ پیراں موضع کوٹ بخشہ میں کیا گیا صاحب قرآن کانفرنس میں علامہ پیر مفتی محمد محب اللہ نوری اشرفی اور علامہ حافظ نور احمد نقشبندی اشرفی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کو تمام جہانوں کیلئے رحمت اور ظاہری وباطنی بیماریوں کیلئے شفاء بنا کر اتارا ہے قرآن کریم ایک ایسی کتاب ہے جس میں اللہ پاک نے پوری کائنات کیلئے ہر چیز کھول کھول کر بیان کری ہے کہ تم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور تفرقے میں نہ پڑو اور نبی کریم ﷺ پیروی کرو سرکار دو عالم حضرت محمد ﷺ اسوۂ حسنہ تمام دنیا کے مسلمانوں کیلئے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے ہمیں چاہئے کہ آپکی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دین اور دنیا سنواری جاسکتی ہے سرکار دو عالمؐ کی زندگی ہمارے لئے عملی نمونہ ہے ہمیں چاہئے کہ ہم اپنے بچوں کو قرآن وحدیث کی تعلیم ضرور دلائیں اور نبی کریمؐ کے ہو جائیں دنیا ہمارے قدم چومے گی۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ: خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان فائرنگ کے نتیجے میں ایک خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار۔ جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور پولیس کو اطلاع ملی کی آتشین اسلحہ سے مسلح ڈاکو راستہ روک کر ڈکیتی کی واردات کر تے ہیں جس پر ایس ایچ او نے اپنی ٹیم کے ہمراہ تعاقب کیا تو ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کر دی پولیس کی جوابی فائرنگ سے ایک خطرناک ڈاکو شوکت علی ہانس عرف شوکی کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا جبکہ دو ڈاکو اندھیرے کا فائدہ اٹھا کر بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا زخمی ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر دیا گیا۔

خطرناک زخمی ڈاکو کی شناخت ارسلان عرف شبو 8 جرائم میں ملوث نکلا

ڈاکو کے قبضہ سے نقدی رقم طلائی زیور اور اسلحہ برآمد، فرار ڈاکوؤں کی تلاش جاری



دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ قوت) اوکاڑہ تھانہ گوگیرہ کے علاقے 30 جی ڈی کے نواح میں پولیس مقابلہ ابتدائی تفتیش میں خطرناک زخمی ڈاکو کی شناخت ارسلان عرف شبو کے نام سے ہوئی شبو راہزنی اور ڈکیتی جیسے 08 سے زائد سنگین جرائم میں ملوث نکلا 04 مسلح ڈاکو 30 جی ڈی موڑ پر شہری وقار احمد سے اسلحہ کے زور پر نقدی طلائی زیورات اور موبائل چھین کر فرار ہوئے اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او گوگیرہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ بہادری سے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی پولیس نے حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کے نتیجہ میں ایک خطرناک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے زخمی ہو گیا 03 ڈاکو رات کی تاریکی کا فایدہ اٹھاتے ہوئے فرار گئے خطرناک ڈاکو کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا ڈاکو کے قبضہ سے نقدی رقم طلائی زیور اور اسلحہ برآمد فرار ڈاکوؤں کی تلاش کے لیے علاقے میں سرچ آپریشن کا آغاز پولیس کی بھاری نفری نے علاقے کو گھیرے میں لے لیا زخمی ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ڈی ایچ کیو ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر دیا گیا۔

اوورسیز ہمارا قومی اثاثہ ہیں انکے جان ومال کے تحفظ کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائینگے، ڈپٹی کمشنر

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا ہے کہ اوورسیز ہمارا قومی اثاثہ ہیں، ان کے جان و مال کے تحفظ کے سلسلہ میں تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، تمام متعلقہ اداروں کے افسران اوورسیز کو درپیش مسائل کے حل کے سلسلہ میں ذاتی دلچسپی لیتے ہوئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کریں اور ان کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنے کے لیے متحرک انداز میں کام کریں، یہ باتیں انہوں نے اوورسیز کے مسائل کے حل کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہیں۔

ڈسکہ: نامعلوم ملزمان نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغوا کرلیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) نامعلوم ملزمان نے پندرہ سالہ لڑکی کو اغوا کرلیا ڈسکہ کی خاتون طیبہ کی بیٹی گھر سے باہر گئی تو واپس نہ آئی اس نے تلاش شروع کی تو اس کو معلوم ہوا کہ اس کی بیٹی کو نامعلوم ملزمان اغوا کر کے لے گئے ہیں پولیس نے مقدمہ درج کرلیا ہے

عمران خان پر وزیر آباد میں ہونے والے حملہ کیس کے ملزم کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کر دیا گیا



وزیر آباد (نامہ نگار) تین نومبر 2022 کو بانی پی ٹی آئی عمران خان پر وزیر آباد میں ہونے والے حملہ کیس کے ملزم کو انسداد دہشت گردی عدالت میں پیش کر دیا گیا بانی پی ٹی آئی پر وزیر آباد میں حملہ کرنے کیلئے کیس کے مرکزی ملزم نوید مہر کو انسداد دہشت گردی کی عدالت میں پیش کیا گیا جہاں پر گواہان کی شہادتیں ریکارڈ کی جا رہی ہیں مرکزی ملزم کی عدالت پیشی کے دوران سکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کئے گئے ہیں عدالت نے شہادتیں ریکارڈ کرنے کے بعد سماعت کل تک کے لیے ملتوی کر دی ہے۔

کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سیدنے پالتو جانوروں کے کاٹنے کے واقعات کا نوٹس لے لیا



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے پالتو جانوروں کے کاٹنے کے واقعات کا نوٹس لے لیا۔ کارپوریشن عوام کو پالتو جانوروں کی ویکسینیشن کروانے کی مہم چلائے۔ مالکان کو پابند کیا جائے کہ وہ گھروں میں رکھے گئے پالتو جانوروں خصوصا کتوں اور بلیوں کی ویکسینیشن ضرور کروائیں تاکہ انہیں بھی مختلف بیماریوں سے بچایا جا سکے۔ وہ یہاں اپنے دفتر میں مختلف محکموں کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے تھے جس میں ایڈیشنل کمشنر کوارڈینیشن ڈاکٹر صفدر حسین، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز محمد عقیل اشفاق، چیف آفیسر کارپوریشن شیخ اشفاق احمد، اے سی جنرل رائے فیصل عمران اور پسپ کے سٹی مینجر محمد اسجد خان سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔

تھانہ کوٹلی سیدامیر پولیس جرائم پر قابو پانے پر بری طرح ناکام

چور ٹرانسفارمر اتار کر اس میں سے سے قیمتی تانبا اور تیل چوری کر کے فرار ہو گئے

اہل علاقہ کا سیکیورٹی برانچ افیسر اور ایس ایچ او کی نااہلی پر ازخود نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) تھانہ کوٹلی سیدامیر پولیس جرائم پر قابو پانے پر بری طرح ناکام دیکھائی دینے لگی تھانہ کوٹلی سید امیر کے ایس ایچ او اور سیکیورٹی برانچ افیسر دیکھنے میں تو ہیرو پر کارگردگی بالکل زیرو کوٹلی سید امیر کے علاقہ ظہورہ میں چوری کی نایاب واردات عمل میں لائی گئی چوروں نے پہلے بجلی بند کی پھر ڈیرے پر لگے ٹرانسفارمر کو اتارا قیمتی تانبا اور آئل نکال کر فرار ہو گئے تھانہ کوٹلی سید امیر کے علاقہ ظہورہ میں چور شکیل کھوکھر کے ڈیرے پر لگا ہوا پچیس کے وی کے ٹرانسفارمر سے قیمتی آئل اور تانبا چوری کر فرار ہو گئے نامعلوم چوروں نے بڑی مہارت سے بجلی بند کر کے نجی ڈیرے پر لگا ہوا ٹرانسفارمر اتارا اور اس میں سے قیمتی تانبا اور آئل نکالا اور چلتے بنے ایس ایچ او کوٹلی سید امیر اور سیکیورٹی برانچ سمیت کوٹلی سید امیر پولیس کی نااہلی سے علاقہ مکین مکمل طور پر عدم تحفظ کا شکار ہو کر رہ گئے آئے دن چوری ڈکیتی کی وارداتوں سے پریشان علاقہ مکین بلبلا اٹھے اہلیان کوٹلی سید امیر کا کہنا ہے کے پولیس کی سست روی سے وارداتوں میں اضافے کا عمل جاری ہے چور ڈکیت کھلے عام دندناتے پھر رہے ہیں اور ہر واردات کے بعد ایس ایچ او تھانہ کوٹلی سید امیر اور سیکیورٹی برانچ افیسر نے پیشہ ورانہ تسلیاں دینے کا وطیرہ بنا رکھا ہے لیکن متاثرین کے نقصان کا ازالہ نہیں کیا جاتا اہلیان کوٹلی سید امیر کا ڈی پی او سیالکوٹ سے سیکیورٹی برانچ افیسر اور ایس ایچ او کی نااہلی پر ازخود نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ۔

نارنگ منڈی: پولیس نے عوام کو ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا

تھانہ کی حدود میں شہری لٹنے لگے، ڈاکو کی فائرنگ سے راہگیر زخمی، موٹر سائیکل چھین لی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) پولیس نے عوام کو ڈاکوؤں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا تھانہ نارنگ کی حدود میں وارداتیں ہی وارداتیں شہری روزانہ کی بنیاد پر لٹنے لگے گندھووال کے قریب ڈاکوؤں کی فائرنگ سے راہگیر زخمی ڈاکوؤں نے ہنڈا 125 بھی چھین لی نجی بنک سے 7 لاکھ لے کر جانے والے کو نوسر بازوں نے لوٹ لیا نارنگ منڈی غیر محفوظ علاقہ بن گیا تفصیل کے مطابق تھانہ روڈ پر واقع کریانہ شاپ کاورکر طاہر مقامی نجی بنک سے 6 لاکھ 70 ہزار روپے لے کر نکلا 4 نوسر بازوں نے نوسر بازی کر کے رقم اور موبائل فون ہتھیالیا رائے ونڈ لاہور کا رہائشی بوٹا ولد گلاب بھتیجے کے ہمراہ مرید کے نارووال روڈ پر جارہا تھا کہ پیٹرولنگ پولیس چیک بھاگووڈیال کے قریب گاؤں گندھووال ڈاکوؤں نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور ہنڈا 125 موٹر سائیکل چھین لی زخمی 55 سالہ بوٹا کو دیہی مرکز صحت نارنگ میں طبی امداد کے بعد لاہور منتقل کر دیا تھانہ نارنگ پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔

حافظ آباد شہر میں گذشتہ ایک ہفتہ کے دوران 15 سے زائد موٹر سائیکلیں چوری

چور نصر ولد احمد کا موٹر سائیکل گلی حاجی شیروالی سے چرالے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد شہر میں گذشتہ ایک ہفتہ کے دوران 15 سے زائد موٹر سائیکلیں چوری۔ گذشتہ روز بھی نامعلوم چور مختلف مقامات سے 4 موٹر سائیکلیں چرالے گئے۔ موٹر سائیکل چرائے جانے کی پہلی واردات محلہ بہاولپورہ میں ہوئی جہاں سے نامعلوم چور نصر ولد احمد کا موٹر سائیکل گلی حاجی شیروالی سے چرالے گئے۔ دوسری واردات محلہ شریف پورہ میں ہوئی جہاں سے نامعلوم چور محمد شعیب

"قوت" کلاسیفائیڈ
ہفت روزہ قوت لاہور
Weekly Quwwat Lahore

اہم اشتہارات نیلے کیچ کے جدید ہر شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بے سقم ہونے چاہئیں کہ ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کہ پھیلے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636000

گمشدگی کا نوٹس

میری اسم ایڈی ایل فعل سند جاری کردہ AIOU اسلام آباد رجسٹریشن نمبر 19NMA02120 سند نمبر BZ655120 مورخہ 2020 میں گم ہوگئی ہے ہے، اس لئے پر بطلا ہے۔

اشتہار: منور عباس ولد محمد علی خان موضع شخن ڈاکخانہ خاص تحصیل لالیاں ضلع چنیوٹ

1

قیمت | **تفصیلات**

عرضی ہے، میں ہونہار طلبہ کو اپنا ساتھ پیش کرنا ہوں۔ وزیر بھی طلباء نے مزید کہا کہ آپ کے مقابلے کے لیے ان رات سویرے ہوں، آج میں ایک سیاسی رہنما ہوں، بلکہ ایک ماں کے طور پر کھڑا کر رہی ہوں۔ انہوں نے کہا آج طلبہ کو صاف کردار ہیں، بلکہ آپ کے ساتھ کھڑا ہوں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے کہا کہ طلبہ کو صلاحیتوں کا ہے، پولیس کے دستے نے آج اس کی محنت کو گارڈ آف آنریبل پیش کیا۔ ریاست ماں کی طرح ہوتی ہے، اور ہونی بھی چاہیے۔ مریم نواز نے کہا کہ ہمارا مقصد ہے کہ ہر بچے کو اچھی تعلیم دیں، ہم نے تعلیم کو اپنی ترجیح بنایا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ باعث فخر ہے کہ پنجاب کے کونے کونے میں بسنے والے طلبہ نے ہمارے ساتھ مل کر ہی کام کرنا ہے۔ آپ کی تعلیم ہماری ذمہ داری ہے اور اسی سلسلہ میں ہم نے 30 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو 70 ارب روپے سے زائد کے لیپ ٹاپ فراہم کیے ہیں۔ 60 لاکھ طالبات طالبات کو ماہانہ وظائف دیے جا رہے ہیں، 30 ہزار کلاسز میں سے 18 ہزار کلاسز بنا کر دی ہیں۔ 12 ہزار کلاسز میں سے 18 ہزار کلاسز کا کام تکمیل کے قریب ہے۔ ہم نے 12 ہزار کلاسز کا کام مکمل کر لیا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ہم نے 12 ہزار کلاسز میں سے 18

صنفی بنیاد پر تشدد کے خلاف 16 دن کی سرگرمی ایک عالمی مہم ہے، حسن رائے

خواتین کے خلاف ہر طرح تشدد پنجاب میں ایک سنگین مسئلہ ہے، اور حکومت بیداری بڑھانے اور متاثرین کو مدد فراہم کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، تقریب سے خطاب

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام اور یواین ڈی پی کے تعاون سے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے پر ایک روزہ سیمینار و آگاہی واک کا انعقاد

لاہور (خبر نگار) پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام اور یواین ڈی پی کے تعاون سے سرگرمی کے 16 دن 2024 پالیسی، کمیونی ایکشن اور ٹیکنالوجی کے ذریعے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے پر ایک ہفتہ وار ڈسکشن و آگاہی واک کا انعقاد الحمرا ہال میں ہوا۔ اس موقع پر سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ محمد فاضل چانڈیو، ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر شمس رائے، یواین ڈی پی کی ڈائریکٹر جنرل، پنجاب یونیورسٹی سے ڈاکٹر وینیزا ناز، اقبال، دیگر محمد فضل چانڈیو، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر وسیم یونیورسٹی سے ڈاکٹر منیبہ افتخار، ڈپٹی ڈائریکٹر سسٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداران و دیگر شامل تھے۔ مقررین نے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے متحد ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ ہر عورت کو اپنے حقوق کے بارے میں آگاہ ہونا چاہیے اور ان کے خلاف ہر قسم کے تشدد کی مخالفت کرنی چاہیے۔ مقررین نے کہا کہ خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ ہمیں ایسے معاشرے کی تشکیل کرنی ہوگی جہاں ہر عورت محفوظ اور باعزت زندگی گزار سکے۔ مقررین نے کہا کہ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے کے لیے ایک مضبوط قانونی ڈھانچہ بنانا ہوگا۔ ہمیں ایسے قوانین بنانے ہوں گے جو خواتین کے خلاف تشدد کے مرتکب افراد کو سزا دلا سکیں۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں خاموشی کو توڑنا ہوگا۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں بات کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں تعلیم کی ضرورت ہے۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں قانون کی ضرورت ہے۔ ہمیں خواتین کے خلاف تشدد کے بارے میں انصاف کی ضرورت ہے۔



پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام اور یواین ڈی پی کے تعاون سے خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے پر منعقدہ آگاہی واک کی قیادت کر رہی ہیں۔

ملک کو اسلامی فلاحی ریاست بنانے، سیاسی استحکام کیلئے جدوجہد کررہے ہیں، جے یو آئی

جے یو آئی کی خدمات کسی سے پوشیدہ نہیں ہیں، مفتی محمد علامہ امام نے اپنی سیاست داؤ پر لگائی

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) مفتی ابو محمد فضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان ضیاع خان، سالار سولہ اللہ محمد مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم مولانا محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور محمد فیضان شجاع خٹک ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ مفتی سیاست میں جمعیت ہر وقت عاطوفتی قوتوں کے نشانے پر رہی، یہ جے یو آئی کی باقی صفحہ 7 پیج نمبر 38

پی پی 139 ضمنی انتخاب (آج)، مسلم لیگ (ن) کا 1 لاکھ 93 ہزار ووٹرز کے لیے 124 پولنگ اسٹیشنز قائم، عام تعطیل ہوگی، سیکیورٹی سمیت تمام انتظامات مکمل

مقابلہ کانٹے کا امکان ہے، کمی انتخاب کے موقع پر حلقے میں عام تعطیل کا اعلان کیا گیا ہے۔ ضمنی انتخاب میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کی طرف سے رانا ظہیر اقبال، تحریک انصاف کے اعجاز حسین بھٹی اور تحریک لبیک کے فدا رفیق السی سمیت باقی صفحہ 7 پیج نمبر 39

پالیسی سازی میں یونیورسٹیز اور ریسرچ کا ان پٹ ناگزیر ہے، وزیر ہاؤسنگ

ریئل اسٹیٹ اور ہاؤسنگ کا شعبہ ملکی معیشت کا 40 فیصد حصہ ہے، ہاؤسنگ سیکٹر کو ون ونڈو سہولت دینے کیلئے ایک ادارہ قائم کیا جائے گا، وزیر ہاؤسنگ

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ و تعمیرات محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ہاؤسنگ سیکٹر کو ون ونڈو سہولت دینے کیلئے ایک ادارہ قائم کیا جائے گا، ہاؤسنگ سیکٹر کو ملکی معیشت کا 40 فیصد حصہ ہے،